★ ABC CERTIFIED ★

Member
APNS

روزنامہ
تعمیرِ وطن
کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27.....شمارہ نمبر 307 بروز منگل 4 اگست 2026ء 19 صفر 1448ھ..... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان.....ایڈیٹر: ایم ایس خان

سوراب، تیز رفتار گاڑی ٹائر پھٹنے کے نتیجے میں حادثے کا شکار ہوگئی

کوئٹہ (آن لائن) سوراب کے علاقے حاجیکہ میں تیز رفتار گاڑی ٹائر پھٹنے کے نتیجے میں حادثے کا شکار ہوگئی جس سے 7 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز سوراب کے علاقے حاجیکہ کے مقام پر تیز رفتار گاڑی ٹائر پھٹنے کے باعث ڈرائیور سے بے قابو ہوکر حادثے کا شکار ہوگئی جس سے غلام سرور، سمیع اللہ، علی اکبر، جمعہ خان، غلام حیدر، مہربان، اظہر علی زخمی ہوگئے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

مستونگ، نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے پولیس اہلکار کو قتل کردیا

کوئٹہ (آن لائن) مستونگ کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے پولیس اہلکار کو قتل کر دیا نعش ہسپتال منتقل کردی گئی پولیس کے مطابق گزشتہ روز مستونگ کے علاقے مستونگ لائبریری کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے پولیس اہلکار کو قتل کر دیا اور فرار ہوگئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر نعش تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کر دی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید کارروائی مقامی پولیس کر رہی ہے۔

میر سرفراز بگٹی کا چیف منسٹر یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام کے تحت ایک تاریخی اور احسن اقدام کا آغاز

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے نوجوانوں کو جدید تکنیکی علوم سے آراستہ کرنے اور انہیں روزگار کے پائیدار مواقع فراہم کرنے کے لیے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیف منسٹر یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام کے تحت ایک تاریخی (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

یونیورسٹی آف بلوچستان کی رینکنگ کا 42% سے بڑھ کر 82% تک پہنچنا قابل تحسین کامیابی ہے، گورنر بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ یونیورسٹی آف بلوچستان کی رینکنگ اور اسکورنگ کو 42% فیصد سے بڑھا کر 82% فیصد تک پہنچانا ایک غیر معمولی اور قابلِ تحسین کامیابی ہے۔ یہ نمایاں پیش رفت موثر قیادت، بہتر انتظامی (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

قوم اپنے بہادر پولیس جوانوں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے سوات میں تھانہ کبل کے قریب خودکش حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے دھماکے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے افسوس کا اظہار کیا ہے۔ محسن نقوی نے شہید پولیس اہلکاروں کے لواحقین سے دلی ہمدردی (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت جشن آزادی کی تقریبات کی تیاری سے متعلق اعلیٰ سطح کا اجلاس، کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان کی خصوصی شرکت

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت اجلاس جشن آزادی کی تقریبات قومی جذبے اور جوش و خروش سے منانے کا فیصلہ

ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ اداروں کو جشن آزادی کی تقریبات شایانِ شان، منظم اور یادگار انداز میں منعقد تمام ڈویژنل اور ضلعی ہیڈ کوارٹرز میں جشن آزادی کی تقریبات قومی جذبے اور جوش و خروش سے منانے کا فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت جشن آزادی کی تقریبات کی تیاری کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں صوبے بھر میں یوم آزادی کی تقریبات قومی جذبے، نظم و ضبط اور بھرپور جوش و خروش کے ساتھ منانے کے لیے جامع حکمت عملی اور انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ بلوچستان کے تمام ڈویژنل اور ضلعی ہیڈ کوارٹرز میں جشن آزادی کی تقریبات شایانِ شان انداز میں منعقد کی جائیں گی، جن میں قومی پرچم کشائی، ملی نغموں، ثقافتی، تعلیمی اور عوامی پروگراموں سمیت مختلف تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا تاکہ عوام خصوصاً نوجوان نسل میں حب الوطنی اور قومی (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

نجکاری پروگرام کے تحت طے شدہ تمام اہداف اور ٹائم لائنز پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، وزارتیں ملکر کام کریں، سرکاری اداروں کی نجکاری کے عمل میں پیش رفت کا جائزہ اجلاس

دستاویزات جمع کرانے کی فیسکو کی آخری تاریخ 7 اگست، گیپکو کیلئے 21 اگست اور آئیسکو کے لیے 7 ستمبر 2026 مقرر ہے، اعلیٰ سطحی اجلاس کے شرکاء کو بریفنگ

وزیر اعظم کی نجکاری پروگرام کے تمام مراحل مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت

نجکاری پروگرام کے تحت طے شدہ تمام اہداف اور ٹائم لائنز پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، نجکاری کے مختلف مراحل کی بروقت تکمیل کے لیے متعلقہ وزارتیں اور ادارے باہمی رابطے سے کام کریں

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے نجکاری پروگرام کے تمام مراحل مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ نجکاری پروگرام کے تحت طے شدہ تمام اہداف اور ٹائم لائنز پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، متعلقہ وزارتیں اور ادارے باہمی رابطے سے کام کریں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت سرکاری اداروں کی نجکاری کے عمل میں پیش رفت کا جائزہ اجلاس پیر کو اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ سرمایہ کاروں کی جانب سے (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

اسلام آباد، وزیراعظم محمد شہباز شریف نجکاری پروگرام سے متعلق پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ایک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

جولائی میں ماہانہ بنیاد پر مہنگائی کی شرح میں 1.19 فیصد اضافہ ریکارڈ

ادارہ شماریات نے جولائی 2026 کے مہنگائی کے اعداد و شمار جاری کر دیے

اسلام آباد (آن لائن) جولائی 2026ء میں ماہانہ بنیاد پر مہنگائی کی شرح میں 1.19 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا اور سالانہ بنیاد پر جولائی میں مہنگائی کی شرح 9.20 فیصد رہی۔ ادارہ شماریات نے جولائی 2026 کے مہنگائی کے اعداد و شمار جاری کر دیے۔ ادارہ شماریات کے مطابق جولائی میں شہری علاقوں میں مہنگائی میں 1.16 فیصد ماہانہ اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔

راجی راہشون واجہ میر اسد اللہ بلوچ کی قیادت میں پنجگور میں تعمیر کیے گئے

کوئٹہ (آن لائن) راجی راہشون واجہ میر اسد اللہ بلوچ کی قیادت میں پنجگور میں تعمیر کیے گئے یہ خوبصورت چوک محض سڑکوں کی آرائش نہیں بلکہ بلوچ تاریخ، ثقافت، قومی ہیروز، مذہبی اقدار اور مقامی شناخت کی جیتی جاگتی علامت ہیں۔

چاغی، کوئٹہ جانے والے کانوائے پر مسلح افراد کا حملہ، ڈی ایس پی سمیت 3 اہلکار زخمی

زخمیوں کو فوری طور پر ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی، جس کے بعد کانوائے کو اپنی منزل کی طرف روانہ کر دیا

چاغی (آن لائن) دالبندین چارسر کے مقام پر کوئٹہ جانے والے کانوائے پر مسلح افراد کا حملہ، ڈی ایس پی ارباب علی لاشاری سمیت تین اہلکار معمولی زخمی ضلع چاغی کے علاقے چارسر میں کوئٹہ جانے والے کانوائے پر مسلح افراد نے حملہ کر دیا، جس کے نتیجے میں کانوائے میں شامل ڈی ایس پی ارباب علی لاشاری کی گاڑی کے شیشے پر گولی لگی۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کمپنسیشن کمیٹی کا اجلاس

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کمپنسیشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں حالیہ کوئٹہ میں پیش آنے والے مختلف واقعات، خصوصاً چیلپل روڈ کے واقعے، پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔

مستونگ، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن، ہائی ویلیو ٹارگٹ سمیت 4 دہشت گرد ہلاک

ان کے دو ٹھکانوں کو تباہ کرکے ان کے نیٹ ورک کو دھچکا پہنچایا گیا ہے، سیکورٹی ذرائع

چار دہشت گرد زخمی ہوئے اور ان کے دو محفوظ ٹھکانوں کو تباہ کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) سیکورٹی فورسز کی جانب سے مستونگ کے علاقے کنڈ عمرانی فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران ہائی ویلیو ٹارگٹ سمیت 4 دہشت گرد ہلاک ہوگئے اور ان کے دو ٹھکانوں کو تباہ کرکے ان کے نیٹ ورک کو دھچکا پہنچایا گیا ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ روز سیکورٹی فورسز کی جانب سے انٹیلی (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

بہاولپور، وزیراعظم شہباز شریف ڈپٹی اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک ظہیر اقبال چنڑ سے انکے والد ملک محمد اقبال چنڑ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کر رہے ہیں

قومی غذائی تحفظ کمیٹی کا اجلاس، کھجور منصوبہ، گندم، کھاد سبسڈی اور فوڈ سیفٹی امور زیر غور، پاکستانی کھجور کے معیار پر خلیفہ فاؤنڈیشن یو اے ای کا ایوارڈ دینے کا فیصلہ

وفاقی حکومت نے گندم درآمد کرنے کی منظوری دیدی، صوبوں کو بھی اجازت نامہ مل گیا

صوبوں کو بھی درآمد کی اجازت ہوگی، درآمدی گندم تقریباً 4300 روپے فی من پڑے گی کھجور کی وافر پیداوار، بہتر مینجمنٹ کی ضرورت ہے، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین

اونٹ کے خشک دودھ کے منصوبے کی حوصلہ افزائی، چھوٹے کسانوں کو مفت کھاد و مشینری فراہم کرنے کا اعلان، گندم کی امدادی قیمت 5500 روپے فی من مقرر کرنا ممکن نہیں

اسلام آباد (آن لائن) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق کا اجلاس چیئرمین سید حسین طارق کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں کھجور کے منصوبے، گندم کی صورتحال، ڈی اے پی کھاد پر سبسڈی، جنگلی جوسز، پینے کے پانی کے معیار اور فوڈ سیفٹی سے متعلق اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان میں کھجور کی پیداوار وافر مقدار میں موجود ہے، ضرورت صرف اس کی بہتر مینجمنٹ کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سکھر میں کھجور پروسیسنگ کے تین پلانٹس لگانے کی تجویز زیر غور ہے اور پاکستانی (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

اسلام آباد، وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات احسن اقبال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بلوچستان بھر میں آپریشن العزم اور شعبان، اب تک 72 خطرناک مطلوب دہشت گرد ہلاک اور 39 کو گرفتار ہوئے، سیکورٹی ذرائع

بلوچستان بھر میں آپریشن، اب تک 72 خطرناک دہشتگرد ہلاک، 39 گرفتار

کوئٹہ، خاران، نوشکی، ہرنائی، سوراب، قلات، کیچ، پنجگور، مستونگ، چاغی، دالبندین، کوہلو، واشک، تربت اور خضدار سمیت تمام میں جاری

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان بھر میں آپریشن العزم اور شعبان کے تحت کارروائیوں میں اب تک 72 خطرناک مطلوب دہشت گردوں کو ہلاک اور 39 کو گرفتار کیا جا چکا ہے۔ بلوچستان بھر میں سیکورٹی فورسز کی جانب سے کالعدم تنظیم بی ایل اے کے دہشتگردوں کے خلاف (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل یونیورسٹی آف بلوچستان کے 13 ویں سینیٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نیفسا زرعی درآمد اور برآمد کنندگان کیلئے سنگل ونڈو پلیٹ فارم کا کردار ادا کریگا، احد چیمہ

ادارے میں نئے عہدوں کے قیام اور تنخواہوں میں ترمیم کیلئے وفاقی کابینہ کی منظوری لازمی ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اقتصادی امور احد چیمہ کی زیر صدارت پیر کو منعقدہ اجلاس میں نیشنل ایگری ٹریڈ اینڈ فوڈ سیفٹی اتھارٹی (نیفسا) سے متعلق امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر احمد عمیر، سیکرٹری فوڈ سیکیورٹی، ڈائریکٹر جنرل (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

افغانستان سے فارغ التحصیل میڈیکل گریجویٹس پاکستان میں پریکٹس کے اہل نہیں ہوں گے: پی ایم ڈی سی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) نے افغانستان میں زیر تعلیم پاکستانی طلبہ کے لیے ایڈوائزری جاری کر دی۔ پی ایم ڈی سی کی جانب (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

پولیس کو اپنی اہم قومی ذمہ داریوں کی ادائیگی کیلئے ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں گی، وزیراعظم

دہشت گردی، انتہا پسندی اور جرائم کے خلاف جنگ میں پولیس نے ہمیشہ ہراول دستے کا کردار ادا کیا

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک میں دہشت گردی، انتہا پسندی اور جرائم کے خلاف جنگ میں پولیس نے ہمیشہ ہراول دستے کا کردار ادا کیا، آج یوم شہدائے پولیس پر ہم اپنے شہداء کے اہل خانہ کے صبر، استقامت اور حوصلے کو (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

ڈپٹی کمشنر جھل مگسی کی کاوشوں سے گنداواہ میں ڈاک خانے نے باقاعدہ طور پر دوبارہ کام شروع کردیا

جھل مگسی (خ ن) ڈپٹی کمشنر جھل مگسی سید رحمت اللہ شاہ کی کاوشوں سے گنداواہ میں ڈاک خانہ نے باقاعدہ طور پر دوبارہ کام شروع کر دیا ہے

ثبوت طلب کیے جانے پر ان کے دعوے پہلے 13 حلقوں سے کم ہوکر 4، پھر صرف 2 حلقوں تک محدود ہوگئے، پریس کانفرنس

آزاد کشمیر میں مسلم لیگ (ن) کی اکثریتی حکومت قائم ہوگی، رانا ثناءاللہ

آزاد کشمیر انتخابات، مسلم لیگ (ن) 23 نشستوں کے ساتھ سادہ اکثریت کی پوزیشن میں، عوامی مینڈیٹ کا احترام کیا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے دوسرے مرحلے کے بعد پاکستان مسلم لیگ (ن) 23 نشستوں پر کامیابی حاصل کر کے سادہ اکثریت کی پوزیشن میں آ گئی ہے۔ انتخابات کو آزاد، منصفانہ اور شفاف قرار دیتے ہوئے کہا کہ عوام کے مینڈیٹ کا احترام کرتے ہوئے آزاد کشمیر میں واضح اکثریتی حکومت قائم ہوگی، (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

، دہشت گرد اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہوں گے، صدر زرداری

دہشت گرد امن، قومی یکجہتی اور ریاستی رٹ کو نقصان پہنچانے کی مذموم کوششوں میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے سوات کے علاقے کبل میں ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ صدر مملکت نے دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے درجات کی بلندی اور ان کے لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی، جبکہ زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے بھی دعا کی۔ آصف علی زرداری نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور ان کے علاج میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے۔ صدر مملکت نے کہا کہ دہشت گرد امن، قومی یکجہتی اور ریاستی رٹ کو نقصان پہنچانے کی مذموم کوششوں میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔

سوات خودکش دھماکہ دراصل پشتونخوا وطن کے امن کو تباہ کرنے کے سوا کچھ نہیں، پشتونخوامیپ

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں خیبر پشتونخوا سوات میں خودکش حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی گئی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ سوات خودکش دھماکہ دراصل پشتونخوا وطن کے امن کو تباہ کرنے کے سوا کچھ نہیں۔ وحشت دہشت کی اس صورت میں عوام کے (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

حقیقت ان دونوں انتہاؤں کے درمیان ہے، جبکہ منفی تاثر اور یکطرفہ بیانیہ نہ صرف صوبے بلکہ ریاست پاکستان اور حکومتی اقدامات کو بھی نقصان پہنچا رہا ہے

بلوچستان کو اس کے جغرافیائی حقائق کے تناظر میں سمجھنے کی ضرورت ہے، سرفراز بگٹی

بلوچستان کے حالات کو نہ تو مکمل طور پر مثالی قرار دیا جا سکتا ہے اور نہ ہی وہ تصویر درست ہے جو بعض حلقوں کی جانب سے بیرون از بلوچستان پیش کی جاتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے حالات کو نہ تو مکمل طور پر مثالی قرار دیا جا سکتا ہے اور نہ ہی وہ تصویر درست ہے جو بعض حلقوں کی جانب سے بیرون از بلوچستان پیش کی جاتی ہے۔ حقیقت ان دونوں انتہاؤں کے درمیان ہے، جبکہ منفی تاثر اور یکطرفہ بیانیہ نہ صرف صوبے بلکہ ریاست پاکستان اور حکومتی اقدامات کو بھی نقصان پہنچا رہا ہے انہوں نے ان خیالات کا اظہار ایک نجی (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

ملک کی معاشی ترقی کیلئے نجی سرمایہ کاری کا فروغ ناگزیر ہے، وزیراعظم

پرائیویٹ ایکویٹی فنڈ کے فروغ کیلئے جامع روڈ میپ تیار کر کے جلد پیش کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک کی معاشی ترقی کے لیے نجی سرمایہ کاری کا فروغ ناگزیر ہے اور ہدایت کی ہے کہ ملک میں پبلک ایکویٹی مارکیٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

ٹرمپ کے جنگ بندی منصوبے کے باوجود تازہ اسرائیلی حملے، 19 فلسطینی شہید

غزہ شہر کے اسوی نادر پر فضائی حملے میں حاملہ خاتون سمیت ایک ہی خاندان کے 3 افراد شہید

غزہ (آن لائن) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے غزہ میں جنگ بندی کے لیے کیے گئے ایک نئے منصوبے کے اعلان کے باوجود غزہ میں تازہ اسرائیلی حملوں میں (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

ایران دشمن کی ہر دھمکی کو سنجیدہ لیتا اور دفاعی صلاحیت کو مزید مضبوط بناتا ہے: قائم مقام ایرانی وزیر دفاع

تہران (آن لائن) ایران کے قائم مقام وزیر دفاع سید مجید ابن الرضا نے کہا ہے کہ ایران دشمن کی ہر دھمکی کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے اپنی عسکری تیاری و دفاعی صلاحیت کو مزید مضبوط بناتا ہے۔

برطانیہ، بلغاریہ، یوکرین نے ایران جنگ میں شامل نہ ہونے کی یقین دہانی کرادی: اسماعیل بقائی

آبنائے ہرمز کی بندش امریکی وعدوں کی خلاف ورزی سے جڑی ہے، ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کا انٹرویو

تہران (آن لائن) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز کی بندش امریکی وعدوں کی خلاف ورزی سے جڑی ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا ہے کہ امریکا نے ایم او یو کے تحت بحری آمد و رفت کی بحالی کی اجازت نہیں دی اور مدت ختم ہونے سے پہلے حملہ کیا۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ ایران عمان کے ساتھ نئے بحری راستے پر بات کر رہا ہے، آبنائے ہرمز کھولنا عمان سے مذاکرات سے الگ معاملہ ہے۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ برطانیہ بلغاریہ یوکرین نے ایران جنگ میں شامل نہ ہونے کی یقین دہانی کرائی ہے۔

سریاب، ریلوے ٹریک کے قریب نصب کیا گیا دھماکہ خیز مواد زوردار دھماکے سے پھٹ گیا

کوئٹہ (آن لائن) سریاب کے علاقے میں ریلوے ٹریک کے قریب نصب کیا گیا دھماکہ خیز مواد زوردار دھماکے سے پھٹ گیا (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

پشین کربلا علاقائی یونٹ کا اجلاس، عبدالرحیم زیارتوال کی خصوصی شرکت

پشین (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع پشین سے مربوط کربلا علاقائی (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن کے نائب وزیراعظم اور وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکورٹی کو خطوط ارسال

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان شوگر ملز ایسوسی ایشن نے نائب وزیر اعظم اور وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سیکورٹی کو خطوط ارسال کیے ہیں جن میں حکومت کی جانب سے گذشتہ کرشنگ (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

آزاد کشمیر انتخابات، وزیراعظم شہباز شریف کی مسلم لیگ (ن) کی کامیابی پر مبارکباد

کامیابی کا یہ تسلسل قائد مسلم لیگ محمد نواز شریف کی قیادت اور پارٹی کی پوری ٹیم کی انتھک محنت کا ثمر ہے

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے دوسرے مرحلے میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی کامیابی پر قائد مسلم لیگ (ن) محمد نواز شریف، پارٹی قیادت اور کامیاب امیدواروں کو مبارکباد دیتے ہوئے اسے عوام کے اعتماد اور جماعت کی موثر انتخابی مہم کا نتیجہ قرار دیا ہے۔ وزیراعظم نے اپنے بیان میں مسلم لیگ (ن) کے تمام کامیاب امیدواروں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ کامیابی کا یہ تسلسل قائد مسلم لیگ (ن) میاں محمد نواز شریف کی قیادت اور پارٹی کی پوری ٹیم کی انتھک محنت کا ثمر ہے۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی اینڈ ڈی اور محکمہ خزانہ کے صوبائی وزراء کے ہمراہ محکمہ اطلاعات بلوچستان کا اہم اجلاس

حکومتی کارکردگی کو اجاگر کرنے اور میڈیا کے ذریعے عوامی رابطہ مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات، وزیر خزانہ، سیکرٹری اطلاعات عمران خان اور ڈائریکٹر اطلاعات سعید احمد شاہوانی کی شرکت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کی خصوصی ہدایت کی روشنی میں محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات اور محکمہ خزانہ کے صوبائی وزراء کے ہمراہ محکمہ اطلاعات بلوچستان کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور احمد بلیدی، صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی، سیکرٹری اطلاعات بلوچستان عمران خان اور ڈائریکٹر اطلاعات سعید احمد شاہوانی نے شرکت کی۔ اجلاس میں صوبائی حکومت کی (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (PAC) کا اجلاس

تمام مطلوبہ اصل اور مصدقہ ریکارڈ کمیٹی کے روبرو پیش

استعمال کو یقینی بنانے کیلئے اپنی آئینی اور قانونی ذمہ داریاں پوری کریگی

کوئٹہ (خ ن) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی (PAC) کا اجلاس آج صوبائی اسمبلی بلوچستان کے کمیٹی روم میں چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر علی ترین کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی کے اراکین زمرک خان اچکزئی، میر محمد خان لہڑی، رحمت صالح بلوچ، زاہد علی ریکی سیکرٹری لوکل گورنمنٹ ڈپارٹمنٹ عبدالرؤف بلوچ، ایڈیشنل سیکرٹری (PAC) (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

علی اصغر سیال کی ترقیاتی منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل پر اطمینان کا اظہار

تعمیراتی کام منظور شدہ ڈیزائن مقررہ معیار تعمیر اور طے شدہ مدت کے مطابق مکمل کیا گیا ہے، بریفنگ جاری

صوبائی الیکشن کمشنر نے صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان کا دفتر تعمیر کرنے کیلئے کوئٹہ میں واقع بلیلی روڈ پر نئی تعمیر شدہ چار دیواری کا افتتاح کیا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال نے صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان کا دفتر تعمیر کرنے کے لئے کوئٹہ میں واقع بلیلی روڈ پر نئی تعمیر شدہ چار دیواری کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر (الیکشنز) سید وسیم احمد جعفری، ریجنل الیکشن کمشنر کوئٹہ ڈویژن طاہر حسن، ڈائریکٹر (الیکشنز) عبداللہ، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر کوئٹہ سید نذیر احمد ہریفال اور ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن) عبدالودود خا (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

ترقیاتی منصوبے اور اصلاحات

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے حالات کو نہ تو مکمل طور پر مثالی قرار دیا جاسکتا ہے اور نہ ہی وہ تصویر درست ہے جو بعض حلقوں کی جانب سے بیرون از بلوچستان پیش کی جاتی ہے۔ حقیقت ان دونوں انتہاؤں کے درمیان ہے، جبکہ منفی تاثر اور یکطرفہ بیانیہ نہ صرف صوبے بلکہ ریاست پاکستان اور حکومتی اقدامات کو بھی نقصان پہنچا رہا ہے انہوں نے ان خیالات کا اظہار ایک نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ قومی میڈیا میں بلوچستان کو اکثر صرف اس وقت یاد کیا جاتا ہے جب کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آئے، جبکہ صوبے میں ہونے والی مثبت پیش رفت، ترقیاتی منصوبے اور اصلاحات کو مناسب توجہ نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی فلاح و بہبود کے متعدد پروگرامز جاری ہیں، سرکاری اسپتالوں کی خدمات میں نمایاں بہتری آئی ہے، صوبے کے تمام سرکاری اسکول فعال ہو چکے ہیں اور تقریباً 17 ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل شفافیت اور میرٹ کی بنیاد پر کی گئی ہے، لیکن افسوس کہ ان کامیابیوں کو قومی میڈیا میں وہ پذیرائی نہیں ملتی جس کی وہ مستحق ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کو اس کے جغرافیائی حقائق کے تناظر میں سمجھنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں بعض ڈویژنز اور اضلاع کا رقبہ اتنا وسیع تھا کہ موثر انتظامی نگرانی ممکن نہیں تھی۔ اسی ضرورت کے پیش نظر نئے ڈویژنز اور اضلاع قائم کیے جارہے ہیں تاکہ عوام تک ریاست کی رسائی بہتر ہو، انتظامی ڈھانچہ مضبوط بنایا جاسکے اور دور افتادہ علاقوں کے عوام کو سرکاری خدمات ان کی دہلیز پر فراہم کی جاسکیں انہوں نے کہا کہ چھوٹے انتظامی یونٹس کے قیام کا مقصد گورننس کو موثر بنانا، عوامی مسائل کے فوری حل کو یقینی بنانا اور پسماندہ علاقوں کو قومی ترقی کے دھارے میں شامل کرنا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ اقدام عوامی خدمت، انتظامی سہولت اور ریاستی اداروں کی موثر موجودگی کو یقینی بنانے کے لیے کیا جارہا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دنیا کی بڑی طاقتیں اور عالمی برادری پاکستان کی ریاست کے ساتھ کھڑی ہیں، نہ کہ دہشت گرد تنظیموں کے ساتھ۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کی سرزمین سے پاکستان دشمن دہشت گرد عناصر کو سہولت اور سرپرستی مل رہی ہے، حالانکہ عالمی برادری سے کیے گئے وعدوں کے مطابق افغان سرزمین کسی دوسرے ملک کے خلاف استعمال نہیں ہونی چاہیے تھی۔

بلوچستان میں دہشت گردی، بیرونی مداخلت اور قومی یکجہتی: عوام اور سیکیورٹی اداروں کے مشترکہ عزم سے امن کی نئی امید

تحریر۔ شعبان خان

بلوچستان جو نواب محمد اکبر خان بگٹی کی شہادت کے بعد مسلسل بدامنی کا شکار ہے دن بدن اس میں اضافہ ہوتا جارہا ہے اس کی اصل وجہ یہ بھی ہے کہ نواب بگٹی کی شہادت کے بعد کئی گروپوں نے ازادی کی جنگ کے نام پر چھپ کر دہشت گردی شروع کردی اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے پاکستان کے سب سے بڑے اور ازلی دشمن ہندوستان نیا افغانستان کے ذریعے بلوچستان اور خیبر پختون خواہ میں لوگوں کو دہشت گردی کے لیے استعمال کیا اس کی سب سے بڑی وجہ یہ تھی کہ گزشتہ سال بھارت کو پاکستان کے ساتھ جنگ میں جو عبرتناک شکست ہوئی تھی اور اس کے تمام منصوبے دھرے کے دھرے رہ گئے تھے پوری دنیا سے الگ تھلگ ہو کر رہ گیا تھا بدلہ لینے کے لیے اس نے پاکستان میں ایسے لوگوں کو پیسے دے کے استعمال کیا کرنا شروع کیا جنہوں نے بی ایل اے بی ار اے بی ایل ایف وغیرہ وغیرہ کے نام لے کر بے گناہ عوام کو قتل کرنا شروع کیا سرکاری املاک کو نقصان پہنچایا پہلے پہل پنجابی مزدوروں کے اوپر حملے ہوتے رہے اس کے بعد بڑھتے بڑھتے اپنے بلوچوں کو اپنے پٹھان بھائیوں کو اپنے سیکیورٹی اداروں پر حملے شروع شروع کیے اور بے گناہ معصوم پاکستانی عوام کا قتل شروع کیا جن میں تمام قوموں سے تعلق رکھنے والے افراد شامل تھے معاشی بدحالی کا شکار نوجوانوں کو لالچ دے کر خودکش حملوں کے لیے مجبور کیا جو انکار کردیتے تھے ان کو بھی مار دیا جاتا یا ان کے گھروں سے نوجوان لڑکیوں کو اٹھا کر جو کچھ کیا جاتا وہ کئی لڑکیوں نے برملا پریس کانفرنس میں نام لے کر بتایا کہ یہ کون سی ازادی ہے کہ ان کو برہنہ کر کے ویڈیو بنا کر دنیا کے سامنے پیش کرنے کی دھمکی دے کر اپنی مرضی کے کام کرانے پر مجبور کیا جاتا جس میں ازادی کی جنگ سے پہلے ان کے ساتھ جو کچھ کیا جاتا رہا وہ انتہائی قابل مذمت اور شرمناک ہے جو بلوچستان کے غیرت مند عوام کے لیے ناقابل قبول ہے وہ اس قسم کے لوگوں اور ایسی فعل کے حامل افراد اور ان کے سرپرستوں اور سہولت کاروں سے برملا نفرت کا اظہار کر چکے ہیں ان تنظیموں سے ماضی میں وابستہ نوجوان مسلسل پریس کانفرنسوں کے ذریعے اپنی نفرت کا اظہار کر چکے ہیں یہاں تک کہ بعض وہ نوجوان جو ہتھیار ڈال کر قومی دھارے میں شامل ہو چکے ہیں وہ بشیر زیب اور اللہ نظر جیسے بھارتی ایجنٹوں کو چیلنج کر چکے ہیں کہ وہ ائیں اور بلوچستان میں حکومت اور ادارے بعد میں پہلے ہم ان سے نمٹیں گے ان سے ایک ایک جوان کے خون کا بدلہ لیا جائے گا کیونکہ وہ بھارت سے بھاری رقم لے کر بیرون ملک عیاشی کر رہے ہیں جبکہ ہمیں بارود کے ڈھیر میں پھینک دیا ہے اج بلوچستان میں جہاں جہاں یہ لوگ بدامنی پھیلا رہے ہیں وہاں کے لوگ روٹی پانی کو ترس گئے ان کے جوانوں کے پاس کوئی روزگار نہیں وہ گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے کیونکہ اگر وہ گھر سے باہر نکلتے ہیں تو یہ دہشت گرد ان کو گولی مار دیتے ہیں اور الزام لگاتے ہیں کہ سیکیورٹی فورسز مار رہی ہے تاکہ ان نوجوانوں کو ریاست سے بدظن کر کے سیکورٹی اداروں کے خلاف کھڑا کیا جاسکے یہ ہے ان بھارتی ایجنٹوں کی جانب سے ازادی کی جنگ کیسی ازادی کہاں کی ازادی اج بھارت پوری دنیا میں اکیلا کھڑا ہے اس کے ساتھ مسلمانوں کا ازلی دشمن اسرائیل ہے جبکہ افغان طالبان رجیم صرف اور صرف پیسے لے کر دہشت گردوں کو اپنے ملک میں پناہ دے رہا ہے اور وہاں سے سرحد پار دہشت گردی کرا رہا ہے کیونکہ افغانستان کے پاس اس وقت کوئی بھی منصوبہ نہیں معیشت نہیں خواتین کی تعلیم نہیں ترقی کی کوئی راہ نہیں وہ امدن کا کوئی ذریعہ نہیں ان کی آمدنی کا ذریعہ صرف دہشت گردوں کو پناہ دینا اور ان کو سپورٹ دے کر پاکستان اور دیگر ہمسائے ملک میں بدامنی پھیلانا ہے بارہا کوششوں کے باوجود افغانستان نے بھارت کی پراکسی ختم کرنے کا وعدہ پورا نہیں کیا اور اب بھی مسلسل بلوچستان میں بدامنی کے واقعات خیبر پختون خواہ کے مختلف علاقوں میں بھی معصوم عوام کا قتل عام جاری ہے سب سے خوشی کی یہ بات ہے کہ جہاں سیکورٹی ادارے ان دہشت گردوں کی نس رہی ہیں وہیں پر خصوصا بلوچستان کے غیرت مند پختونوں نے اسلحہ اٹھا کر از خود ان کا قلع قمع کرنے کا عزم کرلیا ہے کیونکہ ہرنائی اور زیارت کے واقعات نے ان میں ایک نئی قوت پیدا کردی ہے کہ اگر دہشت گردوں کو ابھی سے نہ روکا گیا تو یہ بڑھتے بڑھتے پشتون علاقوں میں حالات مزید کشیدہ کردیں گے اس لیے انہوں نے ان دہشت گردوں کو لگام ڈالنے کا اعلان کر دیا ہے جس سے نہ صرف یہ لوگ خوف کا شکار ہو گئے ہیں بلکہ اب ان کو یقین ہو گیا ہے کہ اگر وہ پاکستان کے مختلف علاقوں میں گھستے ہیں تو وہاں کے عوام ان کے سامنے سینہ سپر ہوں گے یہی کچھ اب بلوچ علاقوں میں بھی شروع ہو گیا ہے وہاں بھی بلوچ عوام نے ان دہشت گردوں کو وارننگ دے دی ہے کہ اب سیکورٹی فورسز سے پہلے انہیں ہمارے سامنے اگر ہمارے بچوں اور جوانوں کے خون کا حساب دینا ہوگا یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے چند لوگوں نے جو وارداتیں کرتے ہیں اور جو بھی قریبی گھر ہوتا ہے اس کے اندر اس کو پناہ دیتے ہیں فورسز چادر اور چار دیواری کا تقدس بحال رکھتے ہوئے ان گھروں میں نہیں جاتی اگر ایک ایک گھر کی تلاشی لی جائے تو ہر اس گھر سے جہاں جہاں ان دہشت گردوں نے اسلحے کے زور پر پناہ لے رکھی ہے ان کو وہیں پکڑ لیا جائے گا اس کے علاوہ اب ان دہشت گردوں کو ڈرون کیمرے کے ذریعے بھی دیکھا جائے گا کہ وہ کس گھر میں بنا لیتے ہیں اور کون ان کی سہولت کاری کر رہا ہے زیارت اور ہرنائی میں دی جانے والی عظیم قربانیاں بھی ان قربانیوں سے کہیں کم نہیں جتنی قیام پاکستان کے لیے مسلمانوں نے دی تھی وہی قربانیاں اج بھی بلوچستان کے محب وطن پشتون بلوچ اور دیگر قوموں کے افراد دے رہے ہیں کیونکہ انہیں پتہ ہے کہ پاکستان اس وقت چاروں طرف سے بری نظروں کا شکار ہے ایک طرف افغانستان دوسری طرف بھارت پھر امریکہ اور ایران کی جنگ کی وجہ سے حالات کی خرابی وغیرہ ایسی صورتحال میں ملک کو نقصان پہنچانا یقیناً ہندوستانی ایجنٹوں کی کارستانیاں ہیں جس کے ہزاروں ثبوت دنیا کے سامنے پیش کیے جا چکے ہیں مگر ان کو پتہ نہیں کہ اب ان کے راستے بند ہو چکے ہیں یہ جہاں سے بلوچستان کے علاقوں میں داخل ہوں گے وہاں عوام خود مقابلے کے علاوہ سیکیورٹی فورسز کو فوری اطلاع دیں گے اور گھیرا کر کے ان کو جہنم واصل کریں گے واپس بھاگنے نہیں دیں گے زیارت اور ہرنائی میں تو پولیس اہلکار 13 جون کو خضدار کے علاقے نال میں ہندوستانی ایجنٹوں کے حملے میں 37 اہلکاروں کی شہادت ہوئی تمبر میں ہی پیک راہداری پر کہ پاکستان جو اسلام کے نام پر بنا ہے جس کے قیام میں تمام قوموں نے ہر قسم کی قربانی دی ہے اس کو دہشت گردی کے اس ناسور سے پاک کرنے اور وطن عزیز کو عظیم اسلامی ریاست بنانے کے لیے سر دھڑ کی بازی لگا دیں گے اور اس کے راستے میں انے والی ہر رکاوٹ کو مل جل کر ہٹا دیں گے تاکہ ائندہ کوئی بھی ملک دشمن پاکستان کی جانب سے میلی نظر دیکھنے کے قابل نہ ہو اور نہ ہی اس کے ایجنٹ اس پاک ملک میں نظر ائیں فٹ پاتھ بیٹھے ہوئے لوگ جو خود کو بھارتی حمایت یافتہ تنظیم کا سربراہ بتا کر مالی فوائد حاصل کر رہے ہیں ائندہ اس ملک میں ایسا کوئی نظر نہ ائے کیونکہ اس وقت جہادی تنظیموں کی قیادت کرنے والے اکثر افراد ان کی مالی حیثیت کچھ نہ تھی وہ محنت کرنے سے گریز کرتے تھے ان کا ذریعہ معاش لوٹ کھسوٹ اور چور بازاری تھا ایسے لوگوں نے بلوچستان میں پروفیشنل سیٹیں حاصل کیں مگر کوئی بھی نہ تو قابل ڈاکٹر بن سکا نہ ہی انجینئر البتہ ہندو کا سچا ایجنٹ بننے میں کامیاب ہو گیا ان کو شرم انی چاہیے کہ اپنی ماں بہنوں اور گھر والوں کے لیے باہر بیٹھ کر مسائل پیدا کر رہے ہیں لوگ ان افراد کے اہل خانہ سے نفرت کا اظہار کرتے ہیں اس کی وجہ مملکت نہیں بلکہ یہ خود اور ان کا آقا بھارت ہے تو اس سے اندازہ لگا لیا جائے جو لوگ اپنے والدین کے نہ ہوئے بہن بھائیوں کے نہ ہوئے وہ اس ملک کے کیا ہوں گے وہ تو بکاؤ مال ہیں انہوں نے تو اپنا سب کچھ پیسے کے لیے ہندو کے ہاتھوں میں فروخت کردیا ہے ان کو کون سی ازادی چاہیے بلوچستان میں ملک پاکستان کے ہر حصے میں ہر شہری ازاد ہے ووٹ دینے میں ازاد ہے نماز پڑھنے میں ازاد ہے کاروبار کرنے میں ازاد ہے تعلیم حاصل کرنے میں ازاد ہے اگر ازاد نہیں ہے تو وہ ان دہشت گردوں کے ہاتھوں باہر جانے سے ازاد نہیں ہے یا یہاں اکے ان کو بھارت ازادی دے گا یا خدانخواستہ کوئی اور دے تو ان کو ازادی مل سکتی ہے نہیں ایسے لوگ جو بھتے سے پلتے بڑھتے ہیں وہ ائندہ بھی اسی طرح چندے پہ اور بیرونی امداد پائے گزارا کریں گے انہیں نہ ملک اور نہ صوبے کی ترقی کے لیے کوئی کردار کا ادا کرنا اتا ہے نہ ہی وہ ایسا کر سکتے ہیں نہ یہ ایسا کرتے کی ان میں ہمت ہے وقت کا تقاضا ہے کہ اس ملک سے اس ناسور کو ختم کرنے کے لیے عوام فوج دیگر سیکیورٹی ادارے ان سب کو ایک پیج پر اکر دشمن کو نیست و نابود کرنا پڑے گا پاکستان زندہ باد بلوچستان پائندہ باد

بقیہ 01

یکجہتی کے جذبے کو مزید فروغ دیا جاسکے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے تمام کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ جشن آزادی کی تقریبات کو منظم، باوقار اور یادگار بنانے کے لیے تمام انتظامات کو بروقت حتمی شکل دی جائے اور ہر ضلع میں عوامی شرکت کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ قومی پرچم کشائی، ملی نغموں، ثقافتی اور تعلیمی سرگرمیوں سمیت تمام پروگراموں کا انعقاد بھرپور قومی جذبے کے ساتھ کیا جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ جشن آزادی صرف ایک قومی تہوار نہیں بلکہ قومی اتحاد، یکجہتی، شہداء کی عظیم قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرنے اور وطن عزیز کی ترقی و استحکام کے عزم کی تجدید کا دن ہے انہوں نے کہا کہ حکومت اس بات کو یقینی بنائے گی کہ صوبے بھر میں تقریبات پرامن، محفوظ اور خوشگوار ماحول میں منعقد ہوں تاکہ شہری بلا خوف و خطر ان قومی تقریبات میں بھرپور انداز سے شریک ہو سکیں۔ اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطہ، موثر ہم آہنگی اور پیشہ ورانہ انداز میں اپنی ذمہ داریاں ادا کریں تاکہ بلوچستان بھر میں جشن آزادی کی تقریبات قومی وقار اور شان و شوکت کے مطابق منعقد کی جاسکیں۔

بقیہ 02

مزید 19 فلسطینی شہید ہو گئے۔ عرب میڈیا کے مطابق غزہ شہر کے السوسی ٹاور پر فضائی حملے میں حاملہ خاتون سمیت ایک ہی خاندان کے 3 افراد شہید ہو گئے، خان یونس کے علاقے القرارہ میں ایک اپارٹمنٹ پر حملے میں خاندان کے 3 افراد شہید جبکہ 3 زخمی ہوئے۔ وسطی غزہ کے دیر البلح میں 5 افراد شہید ہوئے جن میں ایک خاتون بھی شامل ہے، جبالیہ کیمپ، المواصی اور ارل میں بھی اسرائیلی حملوں میں متعدد فلسطینی شہید اور زخمی ہوئے۔ فلسطینی حکام کے مطابق اتوار کے روز کیے گئے حملوں میں حالیہ ہفتوں کی سب سے زیادہ شہادتیں ریکارڈ کی گئی ہیں۔ اس سے ایک روز قبل الاقصیٰ شہداء اسپتال سے منسلک ادویات کے گوداموں کو بھی نشانہ بنایا گیا تھا جس سے طبی سہولتوں کو شدید نقصان پہنچا۔ غزہ کی وزارت صحت نے کہا ہے کہ ادویات کو تباہ کرنا 'بیماری کو بھی جنگ کا ہتھیار بنانے' کے مترادف ہے۔ دوسری جانب اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کے دفتر کے ترجمان نے کہا ہے کہ اسرائیل اس وقت تک غزہ سے فوج واپس نہیں بلائے گا جب تک حماس مکمل طور پر ہتھیار نہ ڈال دے۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیل نے منصوبے میں قطر اور ترکیہ کے کردار اور دیگر شقوں پر بھی تحفظات ظاہر کیے ہیں۔ ادھر حماس نے دعویٰ کیا ہے کہ اسرائیل جنگ بندی پر ہونے والی پیش رفت کو ناکام بنانے کے لیے حملے تیز کر رہا ہے اور ثالث ممالک سے مطالبہ کیا ہے کہ اسرائیل کو معاہدے پر عمل درآمد کا پابند بنایا جائے۔

بقیہ 03

اور پرائیویٹ ایکویٹی فنڈ کے فروغ کے لیے جامع روڈ میپ تیار کر کے جلد پیش کیا جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت نجی سرمایہ کاری کے فروغ اور پائیدار معاشی ترقی سے متعلق اجلاس ہوا۔ وزیراعظم نے ملک میں سرمایہ کاری اور چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ کے لیے پرائیویٹ ایکویٹی فنڈ کے قیام کے حوالے سے لائحہ عمل جلد از جلد پیش کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ ملک میں پبلک ایکویٹی مارکیٹ اور پرائیویٹ ایکویٹی فنڈ کے فروغ کے لیے جامع روڈ میپ تیار کر کے جلد پیش کیا جائے، تاکہ ملک میں سرمایہ کاری کے لئے فنڈز دستیاب ہوں اور غیر ملکی سرمایہ کاری کے لئے راہ ہموار ہو۔ ملک کی معاشی ترقی کے لیے نجی سرمایہ کاری کا فروغ ناگزیر ہے، پرائیویٹ ایکویٹی فنڈ معیشت میں سرمایہ کاری، کاروباری وسعت اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے ایک موثر محرک کا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ معدنیات، زراعت، لائیو اسٹاک، توانائی، انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) اور دیگر شعبے پاکستان کی معیشت کی ترقی کے بنیادی محرک بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں، ان شعبوں میں سرمایہ کاری کے لیے پبلک ایکویٹی مارکیٹ ایک اہم ذریعہ بن سکتی ہے، بینکاری شعبے کی جانب سے سرمایہ کاری کا حجم ابھی بھی محدود ہے، جس کے باعث متبادل سرمایہ کاری ذرائع کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت ایسے اقدامات کو ترجیح دے رہی ہے جو نجی شعبے کی تجارت میں سرمایہ کاری، صنعت اور برآمدات کے فروغ کے ذریعے پاکستان کی معیشت کو مضبوط اور پائیدار بنیادوں پر استوار کریں۔ اجلاس میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی ہارون اختر اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران شریک تھے۔

بقیہ 04

سے کہا گیا ہے کہ افغانستان سے فارغ التحصیل میڈیکل گریجویٹس پاکستان میں پریکٹس کے اہل نہیں ہوں گے، افغانستان کے میڈیکل اور ڈینٹل گریجویٹس پی ایم ڈی سی سے رجسٹریشن حاصل نہیں کر سکیں گے۔ ایڈوائزری کے مطابق افغان میڈیکل ادارے ایجوکیشن کمیشن آف فارن میڈیکل گریجویٹس کی تسلیم شدہ فہرست میں شامل نہیں، افغانستان سے فارغ التحصیل طلبہ پاکستانی نیشنل رجسٹریشن امتحان میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔ پی ایم ڈی سی کا کہنا ہے کہ افغانستان کے اداروں میں داخلہ لینے سے قبل طلبہ ای سی ایف ایم جی کی منظوری لازمی چیک کریں۔

بقیہ 05

دستاویزات جمع کرانے کی آخری تاریخ بالترتیب فیسکو کے لیے 7 اگست، گیپکو کے لیے 21 اگست اور آئیسکو کے لیے 7 ستمبر 2026 مقرر کی گئی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نجکاری پروگرام کے تحت طے شدہ تمام اہداف اور ٹائم لائنز پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، نجکاری کے مختلف مراحل کی بروقت تکمیل کے لیے متعلقہ وزارتیں اور ادارے باہمی رابطے سے کام کریں۔ انہوں نے کہا کہ زرعی ترقیاتی بینک کی نجکاری کا طریقہ کار اس انداز میں وضع کیا جائے کہ بینک کا بنیادی مقصد اور زرعی شعبے میں اس کا کردار برقرار رہے۔ یقینی بنایا جائے کہ نجکاری کے بعد بھی چھوٹے اور درمیانے درجے کے کسانوں کو زرعی قرضوں اور مالی وسائل کی فراہمی پر زرعی ترقیاتی بینک کی توجہ برقرار رہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ کسانوں، بالخصوص چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاشتکاروں کی فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کیلئے مالی وسائل تک رسائی کو یقینی بنانا ضروری ہے۔ زرعی ترقی پاکستان کی معاشی ترقی اور غذائی تحفظ کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ اجلاس میں وزارت نجکاری کی جانب سے وزیراعظم کو نجکاری پروگرام، مختلف سرکاری اداروں کی نجکاری کے لیے اب تک ہونے والی پیش رفت اور آئندہ کے اہداف پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ حکومت کے نجکاری پروگرام کے تحت مجموعی طور پر 27 سرکاری ادارے تین مختلف مراحل میں نجکاری کے ایجنڈے میں شامل ہیں۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز (پی آئی اے) اور فرسٹ ویمن بینک کی نجکاری کے حوالے سے فنانشل کلوزنگ کا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ پی آئی اے کی پہلی فنانشل کلوزنگ اور انتظامی کنٹرول کی منتقلی 29 جون 2026 کو مکمل ہوئی۔ وزیراعظم کو اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو)، فیصل آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (فیسکو) اور گوجرانوالہ الیکٹرک پاور کمپنی (گیپکو) کی نجکاری کے عمل پر بھی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ تینوں کمپنیوں کے لیے اظہار دلچسپی مشتہر کیا جاچکا ہے جبکہ سرمایہ کاروں کی جانب سے دستاویزات جمع کرانے کی آخری تاریخ بالترتیب فیسکو کے لیے 7 اگست، گیپکو کے لیے 21 اگست اور آئیسکو کے لیے 7 ستمبر 2026 مقرر کی گئی ہے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ان تقسیم کار کمپنیوں کیلئے بین الاقوامی کمپنیوں نے دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔ اجلاس کو مزید بتایا گیا کہ اس حوالے سے سرمایہ کاروں کے ساتھ روڈ شوز کا عمل بھی جاری ہے۔ وزیراعظم کو زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ (زیڈ ٹی بی ایل) کی نجکاری کے حوالے سے ہونے والی پیش رفت سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ زرعی ترقیاتی بینک کی ٹرانزیکشن اسٹرکچرنگ میں بینک کے زرعی قرضوں سے متعلق بنیادی مینڈیٹ کے تحفظ کو خصوصی طور پر مدنظر رکھا جا رہا ہے۔ اجلاس کو اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ، جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی اور علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ لاہور کی نجکاری پر پیش رفت کے حوالے سے بھی آگاہ کیا گیا۔ وزیراعظم نے نجکاری کے تمام جاری معاملات کی پیشرفت کی مسلسل نگرانی اور طے شدہ اہداف کی بروقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وفاقی وزراء خواجہ محمد آصف، جام کمال خان، احد خان چیمہ، سردار اویس خان لغاری، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی ہارون اختر اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 06

جنس بیسڈ معلومات کی روشنی میں مستونگ کے علاقے کنڈ عمرانی میں دہشت گردوں کی سرگرمیوں سے متعلق خفیہ اطلاعات پر کارروائی کی گئی جو سیکیورٹی فورسز کی گاڑی کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کر رہے تھے کارروائی کے دوران ایک ہائی ویلیو ٹارگٹ دہشت گرد ہلاک جبکہ چار دہشت گرد زخمی ہوئے اور ان کے دو محفوظ ٹھکانوں کو تباہ کر دیا گیا مزید کارروائیاں اور سرچ آپریشن جاری ہے۔

بقیہ 07

گھور کے اعلیٰ معیار کے باعث متحدہ عرب امارات کی خلیفہ فاؤنڈیشن نے پاکستان کو ایوارڈ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ وزیراعظم کی منظوری سے گھور منصوبے کے لیے چار ارب روپے کے فنڈز فراہم کیے گئے ہیں، جبکہ اونٹ کے خشک دودھ کے منصوبے کی بھی حوصلہ افزائی کی جا رہی ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ کارپوریٹ فارمنگ اختیار کرنے والے چھوٹے کاشتکاروں کو مفت کھاد اور زرعی مشینری فراہم کی جائے گی۔ گندم کے معاملے پر رانا تنویر حسین نے واضح کیا کہ گندم کی امدادی قیمت 5500 روپے فی من مقرر کرنا ممکن نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی حکومت نے گندم درآمد کرنے کی منظوری دے دی ہے اور صوبوں کو بھی خود گندم درآمد کرنے کی اجازت دی جائے گی۔ ان کے مطابق درآمدی گندم تقریباً 4300 روپے فی من پڑے گی، جبکہ پنجاب نے آٹھ لاکھ ٹن، سندھ نے سات لاکھ ٹن، خیبر پختونخوا نے دو لاکھ ٹن اور بلوچستان نے پچاس ہزار ٹن گندم کی طلب ظاہر کی ہے۔ وفاقی وزیر نے مزید بتایا کہ ڈی اے پی کھاد پر سبسڈی کی فراہمی کا فیصلہ آج متوقع ہے، جبکہ صوبوں کی جانب سے گندم خریدنے کے باوجود وفاق کو ادائیگیاں نہ ہونے کا مسئلہ بھی اجلاس میں زیر بحث آیا۔ گھور منصوبے پر چیئرمین کمیٹی سید حسین طارق نے ہدایت دی کہ منصوبہ دوبارہ وزارت کو بھیجا جائے، جبکہ رکن کمیٹی جاوید علی شاہ نے طنزیہ انداز میں کہا کہ اگر منصوبے پر "نارووال" لکھ دیا جائے تو شاید جلد منظور ہو جائے۔ اس پر وفاقی وزیر نے یقین دہانی کرائی کہ وہ اس معاملے پر وزیراعظم سے خود بات کریں گے۔ اجلاس میں جعلی اور غیر معیاری جوسز کی فروخت پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا۔ سیکرٹری قومی غذائی تحفظ نے بتایا کہ کئی کمپنیاں فلیور ڈرنکس کو جوس کے نام سے فروخت کر رہی ہیں۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ آم کے جوس میں کم از کم 25 فیصد آم کا گودا ہونا چاہیے، جبکہ صنعت صرف پانچ فیصد شامل کرنے پر زور دے رہی تھی۔ رانا تنویر حسین نے انکشاف کیا کہ ماضی میں بعض سرکاری اہلکار فیکٹریوں کی جانچ کے دوران رشوت لے کر واپس آجاتے تھے، اسی لیے موثر انسپکشن فورس بنانے کی تجویز دی گئی۔ حکام نے بتایا کہ غیر خالص جوس کے ڈبوں پر واضح وارننگ درج کی جائے گی کہ یہ خالص جوس نہیں اور بچے و حاملہ خواتین اسے استعمال نہ کریں۔ اجلاس میں بوتل بند پانی کے معیار پر بھی گفتگو ہوئی۔ چیئرمین کمیٹی نے شدید گرمی میں دھوپ میں رکھی پانی اور جوس کی بوتلوں کے ممکنہ مضر اثرات پر سوال اٹھایا، جبکہ وفاقی وزیر نے جعلی برانڈز کے نام سے پانی فروخت کرنے والی کمپنیوں کے خلاف سخت کارروائی کی ضرورت پر زور دیا۔ اسلام آباد فوڈ اتھارٹی نے بتایا کہ پانی کے نمونوں کی جانچ نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ہیلتھ (این آئی ایچ) سے کرائی گئی ہے۔ کمیٹی نے تمام صوبوں کو ہدایت کی کہ بوتل بند پانی کے معیار کی جانچ کر کے اپنی رپورٹس کمیٹی کو پیش کریں۔ علاوہ ازیں جوسز کے معاملے پر قائم اسٹیئرنگ کمیٹی کی رپورٹ کا جائزہ لینے کے لیے تین رکنی ذیلی کمیٹی بھی تشکیل دے دی گئی۔

بقیہ 08

ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ قومی میڈیا میں بلوچستان کو اکثر صرف اس وقت یاد کیا جاتا ہے جب کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آئے، جبکہ صوبے میں ہونے والی مثبت پیش رفت، ترقیاتی منصوبے اور اصلاحات کو مناسب توجہ نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کی فلاح و بہبود کے متعدد پروگرامز جاری ہیں، سرکاری اسپتالوں کی خدمات میں نمایاں بہتری آئی ہے، صوبے کے تمام سرکاری اسکول فعال ہو چکے ہیں اور تقریباً 17 ہزار اساتذہ کی بھرتی مکمل شفافیت اور میرٹ کی بنیاد پر کی گئی ہے، لیکن افسوس کہ ان کامیابیوں کو قومی میڈیا میں وہ پذیرائی نہیں ملتی جس کی وہ مستحق ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کو اس کے جغرافیائی حقائق کے تناظر میں سمجھنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں بعض ڈویژنز اور اضلاع کا رقبہ اتنا وسیع تھا کہ موثر انتظامی نگرانی ممکن نہیں تھی۔ اسی ضرورت کے پیش نظر نئے ڈویژنز اور اضلاع قائم کیے جارہے ہیں تاکہ عوام تک ریاست کی رسائی بہتر ہو، انتظامی ڈھانچہ مضبوط بنایا جاسکے اور دور افتادہ علاقوں کے عوام کو سرکاری خدمات ان کی دہلیز پر فراہم کی جاسکیں انہوں نے کہا کہ چھوٹے انتظامی یونٹس کے قیام کا مقصد گورننس کو موثر بنانا، عوامی مسائل کے فوری حل کو یقینی بنانا اور پسماندہ علاقوں کو قومی ترقی کے دھارے میں شامل کرنا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ اقدام عوامی خدمت، انتظامی سہولت اور ریاستی اداروں کی موثر موجودگی کو یقینی بنانے کے لیے کیا جارہا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دنیا کی بڑی طاقتیں اور عالمی برادری پاکستان کی ریاست کے ساتھ کھڑی ہیں، نہ کہ دہشت گرد تنظیموں کے ساتھ۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان کی سرزمین سے پاکستان دشمن دہشت گرد عناصر کو سہولت اور سرپرستی مل رہی ہے، حالانکہ عالمی برادری سے کیے گئے وعدوں کے مطابق افغان سرزمین کسی دوسرے ملک کے خلاف استعمال نہیں ہونی چاہیے تھی۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد تنظیموں کے مختلف گروہوں کے پس پردہ سہولت کار، مالی معاونین اور تربیت فراہم کرنے والے ایک ہی انڈین نیٹ ورک "را" سے وابستہ ہیں اور یہی سب کی تانی ہے بلوچستان کے جغرافیائی حالات، طویل سرحدیں، دشوار گزار پہاڑی علاقے اور منتشر آبادی دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں کو مزید پیچیدہ بناتے ہیں، تاہم سیکیورٹی فورسز پوری ذمہ داری کے ساتھ قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے کارروائیاں کر رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریاست اور دہشت گردوں میں بنیادی فرق یہ ہے کہ ریاست بے گناہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو ہر حال میں مقدم رکھتی ہے۔ دہشت گرد انسانی ڈھال استعمال کرتے ہیں، مگر سیکیورٹی فورسز شہری جانوں کے تحفظ کو یقینی بناتے ہوئے انتہائی احتیاط سے کارروائیاں کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض سیاسی حلقوں کی جانب سے دہشت گردی کے واقعات کو ریاست سے جوڑنے کی کوشش تشویشناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام، خصوصاً بلوچ اور پشتون نوجوان محب وطن ہیں اور انہیں دشمن کے منفی پروپیگنڈے سے ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے۔ قومی سلامتی کے معاملے پر تمام سیاسی قوتوں کو سیاست سے بالاتر ہو کر ریاستی مفاد کو ترجیح دینی چاہیے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے دنیا میں کہیں بھی مسلح دہشت گرد گروہوں کے ساتھ کامیاب مذاکرات کی مثال موجود نہیں۔ البتہ سیاسی جماعتوں، منتخب نمائندوں اور نوجوانوں کے ساتھ ہر سطح پر مکالمہ ضروری ہے تاکہ سیاسی، انتظامی اور سماجی مسائل کا حل اتفاق رائے سے نکالا جاسکے انہوں نے کہا کہ حکومت اقتصادی ترقی، بہتر طرز حکمرانی اور موثر سیکیورٹی حکمت عملی کو ساتھ لے کر چلنے پر یقین رکھتی ہے۔ کرپشن کے خاتمے، میرٹ کے فروغ، وسائل کی منصفانہ تقسیم اور انتخابی اصلاحات جیسے معاملات پر تمام سیاسی جماعتوں کو قومی اتفاق رائے پیدا کرنا چاہیے وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردوں کا مقصد کسی علاقے پر قبضہ کرنا نہیں بلکہ عوام سے پرامن ماحول چھیننا ہے، تاہم ریاست دہشت گردی کے اس مذموم ایجنڈے کو ہر صورت ناکام بنائے گی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو بہتر تعلیم، روزگار، شفاف طرز حکمرانی اور میرٹ پر مبنی مواقع فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے، جبکہ دہشت گردی کا مقابلہ قانون نافذ کرنے والے ادارے پوری قوت اور پیشہ ورانہ صلاحیت کے ساتھ کرتے رہیں گے انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان میں امن، استحکام، ترقی اور موثر گورننس کے لیے حکومت اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائے گی اور عوامی اعتماد کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اصلاحات کا عمل جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 09

سیزن کی بنائی گئی فالتو چینی کو فوری برآمد کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ خطوط کے مندرجات کے مطابق 15 جولائی، 2026 کو ملک میں 34 لاکھ میٹرک ٹن چینی کے ایف۔ بی۔ آر اور شوگر انڈسٹری کے باہمی متفقہ اسٹاکس موجود ہیں جبکہ ماہانہ اوسط کھپت 567، 426 میٹرک ٹن ہے۔ اس طرح 15 نومبر کو نئے کرشنگ سیزن 2026-27 کے آغاز پر ملک میں 11 لاکھ، 58 ہزار میٹرک ٹن بچی چینی کا بہت بڑا سرپلس ذخیرہ موجود ہوگا۔ اگلے کرشنگ سیزن میں دوبارہ گنے کی بمپر فصل ہونے کی توقع ہے جس سے ملکی ضرورت سے زائد 80 لاکھ میٹرک ٹن چینی پیدا ہوگی۔ ترجمان نے شدید تشویش کا اظہار کیا کہ گنے کے کاشتکار اس وقت تذبذب کا شکار ہیں کیونکہ ستمبر کاشت کا وقت بالکل قریب ہے اور اس حوالے سے وہ پریشان ہیں کہ سرپلس چینی بڑی مقدار میں ابھی تک ملوں کے گوداموں میں پڑی ہے اور جب تک یہ چینی برآمد نہیں ہوگی تب تک ملیں ان سے زیادہ گنا نہ خرید سکیں گی اور نہ ہی انہیں بہتر ریٹ دے پائیں گی۔ گزشتہ دو برسوں کے دوران گنے کے کاشتکاروں کو بہتر اور بروقت ادائیگیوں نے انہیں گنے کی بہتر اقسام کی کاشت کی ترغیب دی جس کے نتیجے میں فی ایکڑ پیداوار اور گنے میں چینی کی مقدار میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ اگلے کرشنگ سیزن میں گنے کی اچھی فصل ہونے کی توقع ہے جس کے نتیجے میں چینی زیادہ بنائی جائے گی۔ مگر یہ اسی صورت ممکن ہو پائے گا جب سرپلس چینی برآمد کر کے کسانوں کو نئی فصل کاشت کرنے کی ترغیب ملے گی بصورت دیگر اگلے سالوں میں گنے کی کاشت اور چینی کی پیداوار میں کمی ہوگی اور قیمتی زرمبادلہ خرچ کر کے چینی درآمد کرنا پڑے گی۔ اس وقت شوگر انڈسٹری کو چینی کے بڑے ذخائر رکھنے کے چیلنج کا سامنا ہے جبکہ اس کی طلب بہت کم ہے۔ چینی کی موجودہ قیمتیں اس کی پیداواری لاگت سے انتہائی کم ہیں جبکہ گنے اور دیگر مداخل کی لاگت ہر سال بڑھ رہی ہے۔ چینی کے فروخت نہ ہونے والے اسٹاکس کی بدولت شوگر انڈسٹری کو بینکوں کے قرضوں اور کاشتکاروں کے بقایاجات کی ادائیگیوں میں فنڈز کی شدید کمی کا سامنا ہے۔ ان اعداد و شمار کی روشنی میں حکومت سے درخواست ہے کہ فوری طور پر 5 لاکھ، 85 ہزار ٹن سرپلس چینی برآمد کرنے کی اجازت دی جائے اور اسٹریٹجک ذخائر میں رکھا گیا اسٹاک کرشنگ سیزن شروع ہونے کے ایک مہینہ کے اندر برآمد کرنے کی اجازت دی جائے۔

بقیہ 10

یونٹ کے جنرل باڈی کا اجلاس تحصیل سرانان کے سیکرٹری عنایت اللہ کاکڑ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس میں کربلا میں پارٹی کی سیاسی تنظیمی فعالیت پر غور کیا گیا اور اس حوالے سے مختلف فیصلے کیے گئے اور ذمہ داریاں سونپی گئی۔ اجلاس سے پارٹی کے مرکزی ایڈیشنل سیکرٹری مالیات آغا سید لیاقت علی، مرکزی سیکرٹری عبدالحق ابدال، صوبائی صدر عبدالقہار ودان، ضلع سیکرٹری عمر خان ترین، سینئر معاون سیکرٹری حاجی اکبر صاحب، سید امین اللہ بشر، سید شاہ ولی آغا نے خطاب کیا۔ مقررین نے کہا کہ پشتونخوا وطن کی موجودہ صورتحال میں کوئٹہ کا جرگہ انتہائی اہمیت کا حامل ہوگا۔ صوبے میں جاری بدامنی کی لہر سے صوبے بھر میں سخت تشویش پھیل گئی ہے اور ساتھ ہی پشتون معیشت، کاروبار، روزگار اور تجارت کے دروازے بند کیے جا چکے ہیں اور ملک بھر میں پشتون تجار کاروباری اور محنت مزدوری کے دروازے بند کیے گئے ہیں۔ پشتونوں کے ٹرانسپورٹ جلانے، املاک کو نقصان پہنچانے یا تباہ کرنے کی کارروائی ملک کے طول و عرض میں جاری ہے جبکہ دوسری جانب انسانی جانوں کا ضیاع جاری ہے۔ مقررین نے کہا کہ صوبے کے عوام کی مرضی و منشاء کے برخلاف اور تاریخی جغرافیائی پس منظر کو نظر انداز کر کے نئے ڈویژنز و اضلاع کے نام پر جاری فارم 47 کی حکومت کے اقدامات عوام کو کسی صورت قابل قبول نہیں۔ مقررین نے کہا کہ ضلع پشین میں پینے کے صاف پانی کی قلت اور زیر زمین پانی کی گرتی ہوئی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے پارٹی دور حکومت میں زیر زمین پانی کی سطح بلند کرنے، پشتون عوام کی واحد ذریعہ معاش زراعت کے بچاؤ کیلئے بارانی پانی کو ذخیرہ کرنے کیلئے ڈیمز تعمیر کئے گئے تھے اور آج اگر پانی کی صورتحال کچھ بہتر ہے تو وہ انہی ڈیمز کی وجہ سے ہے۔ موجودہ فارم 47 کے نمائندوں اور حکومت نے ڈیمز جیسے اہم منصوبے پر کوئی توجہ نہیں دی اور گزشتہ 3 سالوں کے دوران کسی بھی علاقے میں ڈیم تعمیر نہیں کیا گیا جبکہ ہمارے دور حکومت کے ہنڈرڈ ڈیمز پیکیج کو بھی روک دیا گیا۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ بلا تاخیر بارانی و سیلابی پانی کو ذخیرہ کرنے کیلئے ہر علاقے میں ڈیمز کی تعمیر کی جائے اور موجودہ ڈیمز کی دیکھ بھال اور نگرانی کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں۔ مقررین نے کہا کہ (BSDI) Balochistan Special Development Initiative کے تحت ڈپٹی کمشنر کو دیے گئے فنڈز جو کہ عوامی فلاح و بہبود کے سکیمات کیلئے خرچ ہونے تھے بدقسمتی سے ضلع پشین میں ڈی سی دفتر میں ایک سیکشن انچارج کے ذریعے من پسند اشخاص، فارم 47 کے من پسند افراد، ٹھیکیداروں میں انفرادی طور پر تقسیم کیا جارہا ہے جبکہ عوام کے مسائل کے حل اور فلاح و بہبود کے اجتماعی اسکیمات کو نظر انداز کیا جارہا ہے جس کے باعث عوام میں تشویش پائی جاتی ہے کہ یہ خطیر رقم صرف کرپشن کی نذر ہوگی۔ مقررین نے کارکنوں پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ کلی کربلا اور ضلع پشین میں پارٹی کو مزید منظم و فعال بنانے کیلئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائے اور عوامی رابطہ مہم کے تحت پارٹی پروگرام اور پارٹی چیئرمین ملی مشر محمود خان اچکزئی کا پیغام گھر گھر پہنچائیں۔

بقیہ 11

پولیس کے مطابق گزشتہ روز پشاور سے کوئٹہ آنے والی جعفر ایکسپریس ٹرین کوئٹہ آرہی تھی کہ نامعلوم ملزمان کی جانب سے تخریب کاری کی غرض سے ریلوے ٹریک کے قریب نصب کیا گیا دھماکہ خیز مواد زوردار دھماکے سے پھٹ گیا تاہم کوئی جانی و مالی نقصان نہیں ہوا۔ دھماکہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور بم ڈسپوزل اسکواڈ اور سیکیورٹی فورسز کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئی ریلوے ذرائع کے مطابق ٹرین کے آنے سے قبل پٹڑی پر دھماکہ ہوا تھا جس سے معمولی نقصان پہنچا تھا جس کو دور کر کے ٹرین کو بحفاظت طریقے سے کوئٹہ پہنچادیا گیا۔ مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ 12

جرگوں کا انعقاد لازمی امر بن جاتا ہے اور پشتونخوا وطن کے تمام عوام اور پشتون قوم کو اپنے درپیش تمام مسائل اور ان کے حل کے لیے عمل طے کرنا ہوگا۔ بیان کے آخر میں شہداء کے لواحقین سے دلی تعزیت کی گئی ہے اور زخمیوں کے فوری و مفت علاج فراہم کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے اور پارٹی ان کے غم میں ان کے ساتھ برابر کی شریک ہے۔

بقیہ 13

جانب سے عوامی فلاح و بہبود، ترقیاتی منصوبوں، معاشی اقدامات اور دیگر اہم شعبوں میں اٹھائے جانے والے اقدامات کو موثر انداز میں عوام تک پہنچانے، حکومتی کارکردگی کو اجاگر کرنے اور میڈیا کے ذریعے عوامی رابطہ مزید مضبوط بنانے کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس کا بنیادی مقصد صوبائی وزراء کے ساتھ محکمہ اطلاعات کی جانب سے میڈیا ٹیموں کی منسلکی کے طریقہ کار پر غور کرنا تھا، تاکہ متعلقہ وزراء کی وزارتوں میں جاری ترقیاتی و عوامی فلاحی سرگرمیوں، پالیسی اقدامات، منصوبوں اور کارکردگی کو بروقت، موثر اور پیشہ ورانہ انداز میں میڈیا کے ذریعے اجاگر کیا جا سکے۔ اس موقع پر سیکرٹری اطلاعات عمران خان نے کہا کہ موجودہ دور میں حکومت کی کارکردگی کو عوام تک پہنچانے کے لیے جدید اور موثر میڈیا حکمت عملی ناگزیر ہے۔ محکمہ اطلاعات صوبائی حکومت کے عوامی فلاحی اقدامات، ترقیاتی منصوبوں اور گڈ گورننس کے حوالے سے کیے جانے والے اقدامات کو میڈیا کے ذریعے بھرپور انداز میں اجاگر کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا ٹیموں کی موثر منسلکی سے صوبائی وزراء کی وزارتوں میں جاری سرگرمیوں کی بروقت کوریج، پریس ریلیز، تصویری و ویڈیو کوریج، ڈیجیٹل میڈیا اور دیگر تشہیری ذرائع کے ذریعے عوام تک درست اور مستند معلومات پہنچانے میں مدد ملے گی۔ اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ میڈیا ٹیمیں متعلقہ صوبائی وزراء کی وزارتوں سے قریبی رابطے میں رہتے ہوئے روزمرہ کی اہم سرگرمیوں، ترقیاتی منصوبوں، اجلاسوں، فیلڈ وزٹس اور عوامی فلاحی اقدامات کی بروقت معلومات محکمہ اطلاعات تک پہنچائیں، تاکہ ان کی موثر میڈیا کوریج کو یقینی بنایا جا سکے۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور احمد بلیدی اور صوبائی وزیر خزانہ شعیب نوشیروانی نے محکمہ اطلاعات کی جانب سے حکومتی کارکردگی کو موثر انداز میں عوام تک پہنچانے کے لیے کیے جانے والے اقدامات کو سراہا اور اس سلسلے میں محکمہ اطلاعات کے ساتھ مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اجلاس میں اس بات پر اتفاق کیا گیا کہ صوبائی حکومت کے ترقیاتی، مالیاتی اور عوامی فلاحی اقدامات کو جدید میڈیا تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے پرنٹ، الیکٹرانک اور ڈیجیٹل میڈیا کے ذریعے زیادہ موثر انداز میں اجاگر کیا جائے گا، تاکہ حکومت کی کارکردگی اور عوامی خدمت کے اقدامات کو بھرپور انداز میں عوام کے سامنے لایا جا سکے۔

بقیہ 14

جو ترقی اور خوشحالی کے نئے دور کا آغاز کرے گی۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ آزاد کشمیر کے 20 حلقوں میں انتخابی عمل پرامن طریقے سے مکمل ہوا، جبکہ مجموعی طور پر مسلم لیگ (ن) نے 23 نشستوں پر کامیابی حاصل کی۔ انہوں نے بتایا کہ میرپور ڈویژن کی 13 نشستوں پر مسلم لیگ (ن) کامیاب رہی، جبکہ مظفر آباد ڈویژن کی 7 نشستوں میں سے 4 پر مسلم لیگ (ن) اور 3 پر پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار کامیاب ہوئے۔ اسی طرح مہاجرین کی 12 مخصوص نشستوں میں سے 10 پر مسلم لیگ (ن) اور 2 پر پیپلز پارٹی نے کامیابی حاصل کی۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے میرپور ڈویژن میں شکست کے بعد دھاندلی کا بیانیہ اختیار کیا، تاہم ثبوت طلب کیے جانے پر ان کے دعوے پہلے 13 حلقوں سے کم ہو کر 4، پھر صرف 2 حلقوں تک محدود ہو گئے۔ ان کا کہنا تھا کہ آزاد کشمیر میں مکمل طور پر فری اینڈ فیئر انتخابات منعقد ہوئے اور تمام سیاسی جماعتوں کو یکساں مواقع فراہم کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ کامیاب امیدواروں کے ساتھ ساتھ انتخاب میں حصہ لینے والے تمام امیدوار مبارکباد کے مستحق ہیں کیونکہ انہوں نے جمہوری عمل کو مضبوط بنانے میں کردار ادا کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ عوامی مینڈیٹ کے مطابق آزاد کشمیر میں مسلم لیگ (ن) کی اکثریتی حکومت قائم ہوگی، جو میاں محمد نواز شریف کے وعدوں کے مطابق عوام سے کیے گئے ترقیاتی اور فلاحی وعدے پورے کرے گی۔ رانا ثناء اللہ نے مزید بتایا کہ انتخابات کے آخری مرحلے کے فوری بعد مسلم لیگ (ن) کا اہم اجلاس منعقد ہوگا، جس میں آئندہ حکومت سازی اور سیاسی حکمت عملی پر غور کیا جائے گا۔ انہوں نے انتخابی کامیابی پر پارٹی کارکنوں، ووٹرز اور تنظیمی عہدیداروں کا شکریہ بھی ادا کیا۔

بقیہ 15

بلوچستان اسمبلی سراج لہڑی، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ قانون سعید اقبال، چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل واشک الٰہی بخش ریکی و دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس ضلع کونسل واشک کے مالی سال 2025-26 کے ترقیاتی بجٹ سے متعلق رکن صوبائی اسمبلی (31-PB) اور پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے رکن زاہد علی ریکی کی جانب سے پیش کردہ رپورٹ کی روشنی میں منعقد کیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ رپورٹ کے مطابق ضلع کونسل واشک کے 71.500 ملین روپے کے ترقیاتی بجٹ کی منظوری اور پراسیسنگ ضلع کونسل کے چیئرمین اور تیرہ منتخب اراکین کو اعتماد میں لیے بغیر کی گئی، جبکہ ضلع کونسل سے منظور شدہ بجٹ اور بلوچستان پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (BPPRA) پورٹل پر اپ لوڈ کیے گئے بجٹ میں بھی تضادات کی نشاندہی کی گئی ہے۔ اجلاس کے دوران ضلع کونسل واشک کے مالی سال 26-2025 کے ترقیاتی بجٹ سے متعلق تمام مطلوبہ اصل اور مصدقہ ریکارڈ کمیٹی کے روبرو پیش کیا گیا۔ کمیٹی نے منظور شدہ ترقیاتی بجٹ، بجٹ تخمینے، اجلاسوں کے ایجنڈے، کارروائی، قراردادیں، اسکیم وار فنڈز کی تفصیلات، انتظامی و تکنیکی منظوریوں، پی سی ون (I-PC)، ٹینڈر دستاویزات، بی پی آر اے پورٹل پر اپ لوڈ کیے گئے ریکارڈ، ورک آرڈرز، متعلقہ فائلوں، مراسلت اور دیگر متعلقہ دستاویزات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اصغر علی ترین نے کہا کہ کمیٹی عوامی وسائل کے شفاف، موثر اور قانون کے مطابق استعمال کو یقینی بنانے کے لیے اپنی آئینی اور قانونی ذمہ داریاں پوری کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ یہ کارروائی اور یہ اجلاس آئندہ کے لیے ایک مثالی نظیر بنے تاکہ احتساب، شفافیت اور اچھی حکمرانی کو مزید فروغ حاصل ہو۔ اجلاس میں معاملے کی مزید جانچ پڑتال کے لیے ایک ذیلی کمیٹی تشکیل دی گئی، جسے ہدایت کی گئی کہ وہ تمام دستیاب ریکارڈ اور شواہد کا تفصیلی جائزہ لے کر دس (10) روز کے اندر اپنی رپورٹ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کو پیش کرے۔ بعدازاں چیئرمین کی اجازت سے اجلاس ملتوی کر دیا گیا۔

بقیہ 16

بھی خصوصی سلام پیش کرتے ہیں۔ شہداء کے خاندانوں کی فلاح و بہبود اور ہر ممکن معاونت کو یقینی بنانا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ یوم شہدائے پولیس 4 اگست 2026 پر پیغام میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ آج یوم شہدائے پولیس کے موقع پر حکومت پاکستان اور عوام کی جانب سے پولیس کے جانباز افسران اور اہلکاروں کو دلی خراج عقیدت اور سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے وطن عزیز پر اپنی جان نچھاور کی۔ ملک میں دہشت گردی، انتہا پسندی اور جرائم کے خلاف جنگ میں پولیس نے ہمیشہ ہراول دستے کا کردار ادا کیا ہے اور غیر متزلزل عزم کا مظاہرہ کیا ہے جو لائق تحسین ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہمارے پولیس کے شہداء کی ناقابل فراموش قربانیوں نے شہریوں کے جان و مال کے تحفظ، قانون کی بالادستی، امن و امان کے قیام کے لیے کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ پوری قوم اپنے ان غیور بیٹوں اور بیٹیوں کو سلام پیش کرتی ہے جن کی بے لوث خدمات نے آنے والی نسلوں کے لیے ایک محفوظ اور روشن مستقبل کی راہ ہموار کی۔ وزیراعظم نے کہا کہ آج یوم شہدائے پولیس پر ہم اپنے شہداء کے اہل خانہ کے صبر، استقامت اور حوصلے کو بھی خصوصی سلام پیش کرتے ہیں۔ ان کی قربانیاں پوری قوم کی مشترکہ قربانیاں ہیں۔ شہداء کے خاندانوں کی فلاح و بہبود اور ہر ممکن معاونت کو یقینی بنانا حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ شہداء کے اہل خانہ کو معیاری تعلیم، صحت کی بہترین سہولیات اور دیگر فلاحی اقدامات سمیت ہر ممکن تعاون فراہم کرنے کے لیے حکومت کوشاں ہے۔ اس مقدس قومی ذمہ داری کی ادائیگی کے لئے حکومت پر عزم ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ شہداء کی دفاع وطن کی خاطر بے مثل قربانیوں کی یاد میں آج ہم تجدید عہد کرتے ہیں کہ پولیس کو اپنی اہم قومی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لیے ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ پولیس کے جوانوں کی پیشہ ورانہ استعداد کو مزید مضبوط بنانے کے لئے انہیں درکار جدید وسائل سے آراستہ کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ آئیے ہم سب مل کر قانون کی بالادستی، انصاف کے تحفظ، دہشت گردی اور جرائم کے ناسور کے مکمل خاتمے، اور اپنے شہداء کی عظیم قربانیوں کے شایان شان ایک پرامن، محفوظ اور خوشحال پاکستان کی تعمیر کے لیے مشترکہ کاوشوں اور پختہ عزم کا اعادہ کریں۔

بقیہ 17

نیفسا سمیت دیگر متعلقہ حکام نے وفاقی وزیر کو بریفنگ دی۔ وفاقی وزیر احد چیمہ نے نیفسا کو پاکستان کے زرعی شعبے کے لیے ایک انقلابی قدم قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ زراعت کی تجارت میں التوا اور پرانے نظام کا خاتمہ کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ نیفسا زراعت کے شعبے میں حکومت کی اہم ترین ادارہ جاتی اصلاحات میں سے ایک ہے اور یہ اگلے چند ماہ میں مکمل طور پر فعال ہو جائے گی۔ احد چیمہ نے مزید کہا کہ نیفسا زرعی درآمد اور برآمد کنندگان کیلئے سنگل ونڈو پلیٹ فارم کا کردار ادا کرے گا، جس سے کاروباری عمل آسان اور شفاف ہوگا۔ بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ نیفسا میں اب تک تمام بھرتیاں تین سالہ کنٹریکٹ پر کی گئی ہیں اور آئندہ بھی کنٹریکٹ کی بنیاد پر ہی بھرتیاں کی جائیں گی۔ ملازمین کی کارکردگی کا ہر چھ ماہ بعد جائزہ لیا جائے گا اور کارکردگی کی بنیاد پر کنٹریکٹ میں توسیع کی جائے گی۔ ادارے کا کوئی بھی ملازم کسی بھی مرحلے پر مستقل (ریگولر) نہیں ہوگا۔ بریفنگ میں یہ بھی بتایا گیا کہ ادارے میں نئے عہدوں کے قیام اور تنخواہوں میں ترمیم کے لیے وفاقی کابینہ کی منظوری لازمی ہوگی۔ اس وقت ادارے میں قائم مقام ڈائریکٹر جنرل تعینات ہیں جبکہ جلد نجی شعبے سے مستقل ڈائریکٹر جنرل کی بھرتی کا عمل مکمل کر لیا جائے گا۔ ڈیپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن کے کسی بھی ملازم کو نیفسا میں بھرتی نہیں کیا گیا۔ نیفسا کے نئے افسران کو کسٹمز اکیڈمی کراچی میں قومی و بین الاقوامی ماہرین تربیت دے رہے ہیں۔ اسٹیک ہولڈرز کی سہولت کے لیے ہیلپ لائن، اے آئی چیٹ بوٹ، ویب سائٹ اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کا آغاز کیا جائے گا۔ کنسائنمنٹس کے معائنے کے لیے جدید ٹیکنالوجی پر مبنی انسپکشن سسٹم متعارف کرایا جائے گا جبکہ شفافیت برقرار رکھنے کے لیے تھرڈ پارٹی آڈٹ کا نظام بھی شامل کیا جائے گا۔

بقیہ 18

کارروائیوں میں شدت لاتے ہوئے آپریشن العزم اور شعبان کے تحت کوئٹہ، خاران، نوشکی، ہرنائی، سوراب، قلات، کیچ، پنجگور، مستونگ، چاغی، دالبندین، کوہلو، واشک، تربت اور خضدار سمیت تمام اضلاع میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران اب تک 72 خطرناک مطلوب دہشت گردوں کو ہلاک کر کے 39 دہشت گردوں کو گرفتار کیا جاچکا ہے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان بھر میں سیکورٹی فورسز کی جانب سے دہشت گردوں کے خلاف موثر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن جاری ہے جن کے تحت صوبہ بھر میں کامیاب کارروائیوں کے دوران اب تک 72 خطرناک اور مطلوب دہشت گردوں کو ہلاک کیا جاچکا ہے جبکہ 39 دہشت گردوں کو گرفتار کر کے قانون کے شکنجے میں جکڑا گیا ہے اور آپریشن تواتر کے ساتھ جاری ہے۔

بقیہ 19

ان نے شرکت کی۔ اس موقع پر پراجیکٹ کنسلٹنٹ منظور احمد اور ایس ڈی او (C&W) پیر محمد نے صوبائی الیکشن کمشنر کو منصوبے کی کامیاب تکمیل کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے آگاہ کیا کہ تعمیراتی کام منظور شدہ ڈیزائن، مقررہ معیار تعمیر اور طے شدہ مدت کے مطابق مکمل کیا گیا ہے۔ صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان نے منصوبے کی بروقت اور معیاری تکمیل پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ افسران، تعمیراتی ادارے اور پراجیکٹ کنسلٹنٹ کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ 20

اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بہادر پولیس جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے خودکش بمبار کو تھانے کے اندر داخل ہونے سے روک دیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ اپنی زندگیاں قربان کر کے دوسروں کی زندگیاں بچانے والے پولیس اہلکاروں نے فرض شناسی کی اعلیٰ مثال قائم کی ہے۔ محسن نقوی نے شہید پولیس اہلکاروں کی قربانی کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم اپنے بہادر پولیس جوانوں کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد اور مکمل صحتیابی کے لیے بھی دعا کی۔

بقیہ 21

اسٹریٹجی اور معیار تعلیم میں مسلسل بہتری کی عکاس ہے لہٰذا ضروری ہے کہ وائس چانسلر ڈاکٹر ظہور بازئی اور ان کی پوری ٹیم اپنی بھرپور توجہ یونیورسٹی کے تعلیمی معیار کو مزید بلند کرنے، غیر ضروری اخراجات میں کمی لانے اور مالی نظم و ضبط کو مضبوط بنانے پر مرکوز رکھیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے یونیورسٹی آف بلوچستان کے 13 ویں سینیٹ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ یونیورسٹی آف بلوچستان کے 13 ویں سینیٹ اجلاس میں چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس کامران خان ملاخیل، صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی، وائس چانسلر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی، صوبائی سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن صالح بلوچ، ہائیر ایجوکیشن کمیشن کا نمائندہ حسنین، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالناصر دوتانی، ایڈیشنل سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن جہانزیب مندوخیل، ایڈیشنل سیکرٹری نبیل احمد، پرو وائس چانسلر ڈاکٹر غلام الرزاق اور رجسٹرار گل کاکڑ سمیت تمام سینیٹ ممبران موجود تھے۔ واضح رہے کہ گورنر بلوچستان، چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ اور صوبائی وزیر تعلیم یونیورسٹی آف بلوچستان کے تقریباً پانچ گھنٹے طویل سینیٹ اجلاس میں آخر تک موجود رہے جو تعلیم دوستی اور اپنے صوبہ کے نوجوانوں کے روشن مستقبل کو یقینی بنانے کیلئے ان کا عزم ہے۔ شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ یونیورسٹی آف بلوچستان کی آمدن میں اضافے کیلئے مختلف انڈسٹریز، فارماسیوٹیکل اداروں، زرعی تحقیقاتی مراکز اور دیگر متعلقہ شعبوں کے ساتھ موثر روابط استوار کریں تاکہ ریسرچ، جدت، روزگار اور مالی وسائل کے نئے مواقع پیدا کیے جاسکیں اور یونیورسٹی کو مالی طور پر زیادہ خود مختار بنایا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ یونیورسٹی آف بلوچستان صوبہ کی پہلی یونیورسٹی ہے جس نے ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے تحت اپنے انتظامی و دفتری نظام کو مکمل طور پر پیپر لیس بنا دیا ہے جو وائس چانسلر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی اور ان کی پوری ٹیم کا ایک قابل تحسین اور ماحول دوست اقدام ہے۔ گورنر مندوخیل نے کہا کہ ہمارا عزم ہے کہ اب نہ صرف گورنر سیکرٹریٹ بلوچستان کو بھی پیپر لیس بنائیں گے بلکہ پیپر لیس کے اس کامیاب ماڈل کو صوبے کی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں تک بھی توسیع دینگے۔ اس نمایاں کامیابی میں کردار ادا کرنے والے یونیورسٹی آف بلوچستان کے ڈائریکٹر آئی ٹی محمد سلال خان کی خدمات کے اعتراف میں انہیں خصوصی تعریفی لیٹر سے بھی نوازا جائیگا۔ سینیٹ اجلاس کے دوران چیف جسٹس کامران خان ملاخیل نے شرکاء کی توجہ ایک اور اہم بات کی مبذول کراتے ہوئے کہا کہ بی ایس پروگرام کا آغاز صوبہ کے اعلیٰ تعلیمی نظام میں ایک اہم اور جدید پیشرفت تھی لیکن دوسری جانب ایف اے اور بی اے کی ڈگریوں کے خاتمے سے ان ہزاروں غریب نوجوانوں کیلئے پرائیویٹ تعلیم حاصل کرنے کے دروازے بند ہو چکے ہیں جو مختلف معاشی و معاشرتی مجبوریوں کے باعث پرائیویٹ امیدوار کے طور پر تعلیم حاصل کرنا چاہتے ہیں

بقیہ 01

جی محمد شاہ لالا، مفتی ابوبکر، مفتی رضا خان، حاجی ظفر اللہ کاکڑ، میر حشمت لہڑی، میر سرفراز شاہوانی اور مفتی رشید احمد حقانی نے خالد بن ولید یونٹ نوحصار، حضرت عمر بن خطابؓ یونٹ کلی شمشوزئی نوحصار، البدر یونٹ کلی حاجی نیاز محمد شمشوزئی پشتون باغ، حضرت مولانا فتح محمد یونٹ شالدرہ، سرہ غوڑگی یونٹ، مدنی یونٹ پشتون باغ، ابوعبیدہ یونٹ پشتون باغ، حضرت عمر بن خطابؓ یونٹ لعل آباد ہزار گنجی، ملاخیل آباد یونٹ نواں کلی، غیلان بن سلمہ یونٹ ٹرک اڈہ ہزار گنجی، کلی شاہ عالم یونٹ، ترین شہر نواں کلی، الجہاد یونٹ پشتون آباد اور ٹیچر کالونی نواں کلی یونٹ کے ذمہ داران و کارکنان سے ملاقاتیں کیں، تنظیمی کارکردگی کا جائزہ لیا، مختلف ریکارڈ چیک کیے، کارکنوں کے مسائل سنے اور ضروری ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق اور ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس نے کہا کہ ایک بار پھر نئے تجربات کے تحت ملک کے نظام کو بند کمروں کے فیصلوں کے ذریعے تختہ مشق بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے، جس سے ملک کا وجود خطرے میں پڑ سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے تمام مسائل کا واحد حل دھاندلی اور ہر قسم کی مداخلت سے پاک، شفاف اور آزادانہ انتخابات کا انعقاد ہے۔ جمعیت علماء اسلام ایک نظریاتی، عوامی اور آئینی جدوجہد پر یقین رکھنے والی جماعت ہے، جس کی مضبوطی فعال اور منظم یونٹوں سے وابستہ ہے۔ انہوں نے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ تنظیمی نظم و ضبط، باہمی اتحاد، عوامی خدمت اور دعوتی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنائیں، عوام کے مسائل کے حل کے لیے میدان میں متحرک رہیں اور جماعت کے پیغام کو ہر گھر تک پہنچانے کے لیے اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کریں۔

بقیہ 02

حملے کے دوران متعدد بوزر اور کنٹینرز سمیت گاڑیوں کو نقصان پہنچا اور ان کے ٹائر پھاڑ دیے گئے اس حوالے سے گاڑی ڈرائیور کی جانب سے اپنے قریبی ساتھی کو ویڈیو اور وائس میسج بھی کیا گیا۔

بقیہ 03

یک تمام سیاسی جماعتوں اور سانحہ زیارت کے شہداء کے لواحقین کو بھی دعوت دی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سوموار کو اپنے دیگر مرکزی اور صوبائی عہدیداروں (ر) سینیٹر داؤد خان اچکزئی، صوبائی جنرل سیکرٹری ماہت کاکا، ثناء اللہ کاکڑ، عبید اللہ عابد، یاری کاکڑ، جاوید کاکڑ، کے ہمراہ گزشتہ روز صوبائی مجلس عاملہ کے اجلاس میں کئے گئے فیصلوں سے متعلق میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر عثمان خان اچکزئی، حاجی نظام الدین کاکڑ، نذر پیر علی زئی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ اصغر خان اچکزئی نے کہا کہ اجلاس میں ملک، بلوچستان اور خیبرپختونخوا کی مجموعی سیاسی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا بلوچستان اور پشتون علاقوں میں بڑھتی ہوئی بدامنی انتہائی تشویشناک ہے پہلے سیاسی کارکنوں کی لاشیں اٹھاتے تھے، اب جج اور محافظ بھی محفوظ نہیں رہے سانحہ زیارت اور جج عبدالحکیم کاکڑ کی شہادت نے کئی سوالات کھڑے کر دیئے ہیں جج عبدالحکیم کاکڑ کی شہادت پر چیف جسٹس بلوچستان کی جانب سے ازخود سوموٹو نوٹس نہ لینا سوالیہ نشان ہے بلوچستان میں حالات منصوبہ بندی کے تحت خراب کئے جا رہے ہیں زیارت کے شہداء کے لواحقین کا دھرنا مستقبل کے تحفظ کے لیے تھا۔ جبکہ ایک بار پھر نواحی علاقے ہنہ اوڑک میں لاش کی حوالگی کے لیے دھرنا دیا گیا ہے، حکومت سنجیدگی کا مظاہرہ کرے سوات خون میں نہا رہا ہے جبکہ کوئٹہ سمیت بلوچستان میں دھرنے جاری ہیں بلوچستان کے متعدد اضلاع میں عملاً کرفیو کی صورتحال سے عوام دوچار ہیں اور لوگ خوف کی وجہ سے کراچی کا سفر کرنے سے بھی گریز کر رہے ہیں حکمرانوں کو جلتا ہوا بلوچستان اور خیبرپختونخوا میں کشت و خون دکھائی کیوں نہیں دیتا؟ اگر ایک پاکستان ہے تو شہریوں کے خون کی حفاظت کیوں نہیں ہو رہی؟ بارڈر بند ہونے سے ہزاروں خاندانوں کا روزگار چھن گیا ہے بے روزگار نوجوانوں کو معمولی رقم کے عوض بندوق اٹھانے پر مجبور کیا جا رہا ہے ادارے اور سیکیورٹی فورسز اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنے سے قاصر ہے اس لئے فتنہ الہندوستان خوارج صرف بلوچستان اور خیبرپختونخوا میں ہی کیوں نظر آتے ہیں؟ نئے صوبے بنانے کی باتیں کیوں کی جا رہی ہیں، حکومت وضاحت کرے گوادر کو بلوچستان کے دائرہ اختیار سے نکالنے کی باتیں باعث تشویش ہیں اسی طرح کراچی کو بھی نکال کر وفاق کے زیر تسلط لانے کا عمل غلط روایت کو جنم دے گا حکومت اپنے عزائم عوام کے سامنے واضح کرے، ابہام مزید نقصان کا باعث بنے گا زیارت دھرنا مذاکرات میں حکومت نے 80 فیصد مطالبات تسلیم کیے تھے بعد میں لایا گیا نیا ڈرافٹ بدنیتی پر مبنی تھا، جسے مسترد کر دیا گیا تھا بلوچ اور پشتون عوام کو آپس میں لڑانے اور دست و گریبان کرنے کی ہر سازش ناکام بنائیں گے اتنے بڑے واقعات کے باوجود کسی حوالدار سمیت ذمہ دار شخص نے استعفیٰ نہیں دیا۔ انہوں نے کہا کہ لیویز فورس کے نظام کو برقرار رکھنا ضروری ہے ہم رہیں یا نہ رہیں، اپنی قوم کے حقوق اور تحفظ کا دفاع کرتے رہیں گے کانکنوں اور مزدوروں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے بلوچستان میں مزدوروں کے روزگار کے ذرائع بھی غیر محفوظ ہو چکے ہیں عوام کی مشکلات کے حل کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے بلوچستان کی معدنیات پر کسی کو قبضہ نہیں کرنے دیں گے امن اور مذاکرات کے ذریعے مسائل کا حل تلاش کیا جائے بلوچستان کے باشعور عوام کو سلام پیش کرتا ہوں جو مشکل حالات میں ثابت قدم ہیں ہجرت کا ماحول پیدا کرنا کسی صورت قبول نہیں، عوام کو بند گلی میں نہ دھکیلا جائے قوم کسی بھی مسلح کمانڈر کے پیچھے نہ چلے، سیاسی اور جمہوری راستہ اختیار کیا جائے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی آئینی ذمہ داری ہے بلوچستان کی خوشحالی کے لیے تمام سیاسی قوتوں کو متحد ہونا ہوگا پرائی جنگوں نے ملک اور خصوصاً بلوچستان کو شدید نقصان پہنچایا ہے انہوں نے کہا کہ ہماری جماعت یوم شہدائے اگست کے سلسلے میں 8 اگست کو سرحدی شہر چمن میں بڑا جلسہ منعقد کرے گی اور شہداء کی یاد میں انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے 17 اگست کو کوئٹہ میں تعزیتی ریفرنس منعقد کیا جائے گا جس میں زیارت دھرنے میں شریک جماعتوں اور لواحقین شہداء کو شرکت کی دعوت دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن، انصاف اور آئین کی بالادستی کے بغیر ترقی ممکن نہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ حکام بالا لوگوں کی بات سن کر مسائل کا ازسرنو جائزہ لینے کے روادار نہیں جس کی وجہ سے چیزیں خراب ہو رہی ہے انہوں نے دعویٰ کیا کہ حکومتی نمائندے بھی مطالبات کو جائز قرار دیتے ہیں لیکن حکام بالا کے سامنے بات کرنے سے گریز کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ صوبے پر فارم 47 کی جعلی اور بوگس حکومت مسلط کی گئی ہے جس کے باعث مسائل جوں کے توں ہے۔

بقیہ 04

رکے نئے مواقع اور تکنیکی تعلیم کے فروغ سے متعلق ایک اہم مشاورتی اجلاس ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان میں منعقد ہوا جس میں چیمبر آف کامرس کے عہدیداران و ممبران، نیوٹیک، ٹی ٹیوٹا، جی آئی زیڈ، بیورو آف امیگریشن اور نجی شعبے کے نمائندوں نے اس امر پر زور دیا گیا کہ صنعتوں کی ضروریات کے مطابق تربیت یافتہ افرادی قوت کی فراہمی، اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ اور ون ونڈو سہولت کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے چیمبر آف کامرس کے نائب صدر انجینئر میروائس خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان معدنیات اور دیگر قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے، تاہم ان وسائل سے بھرپور استفادہ اسی وقت ممکن ہے جب حکومت اور متعلقہ ادارے سرمایہ کاری اور کاروبار کے لیے سازگار ماحول پیدا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہر ضلع میں مقامی ضروریات اور صنعتوں کی طلب کے مطابق اسکل میپنگ کی جائے تاکہ نوجوانوں کو انہی شعبوں میں تربیت دی جا سکے جہاں روزگار کے مواقع موجود ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری افراد کے لیے بھی ترقیاتی پروگرام شروع کیے جائیں تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں میں اضافہ کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ آج کا یہ پروگرام مختلف اداروں کے درمیان مضبوط شراکت داری کے قیام کی جانب ایک اہم پیش رفت ثابت ہوگا۔ چیمبر آف کامرس کی قائمہ کمیٹی برائے ایس ایم ای کے چیئرمین زین العابدین خلجی نے شرکا کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ نجی اور سرکاری شعبے کے درمیان مؤثر تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ کاروباری حضرات اور سرمایہ کاروں کے لیے ون ونڈو سہولت فراہم کی جائے تاکہ سرمایہ کاری کے عمل میں آسانی پیدا ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہنرمند افرادی قوت کے بغیر بلوچستان کی صنعتی ضروریات پوری کرنا ممکن نہیں، اس لیے صنعتوں اور تربیتی اداروں کے درمیان مضبوط روابط قائم کرنا ہوں گے۔ سیکرٹری محنت و افرادی قوت بلوچستان صالح محمد ناصر نے کہا کہ آج وزیر اعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت کوئٹہ میں ایک اعلیٰ سطح کا اجلاس بھی منعقد ہوا انہوں نے کہا کہ ایک مشترکہ یونٹ (کامن یونٹ) کے قیام کے لیے ہم نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو سفارشات ارسال کر دی ہیں۔ صوبے میں مجموعی طور پر تقریباً 127 تکنیکی ادارے، کالجز و دیگر فعال ہیں جبکہ بلوچستان میں اس وقت 34 مختلف شعبوں میں تکنیکی تربیت فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسکول اور کالج سے باہر رہ جانے والے نوجوانوں کو ہنر سکھا کر نہ صرف انہیں باعزت روزگار فراہم کیا جا سکتا ہے بلکہ صوبے کی معیشت کو بھی مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کا بنیادی کردار سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرنا ہے تاکہ وہ سرمایہ کاری کریں اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ تمام متعلقہ اداروں پر مشتمل کوآرڈینیشن کمیٹی کے قیام کے لیے جلد اقدامات کیے جائیں گے اور ون ونڈو آپریشن کی تجویز پر بھی عملی پیش رفت کی جائے گی۔ سیکرٹری محنت نے کہا کہ ہر سال تقریباً 2 ارب 40 کروڑ روپے خرچ کیے جاتے ہیں اس کے باوجود ایک ہزار سے بھی کم افراد معیاری تربیت حاصل کر پاتے ہیں جو نظام میں بہتری کی ضرورت کو ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پر مکمل انحصار کرنے کے بجائے نوجوانوں کو خود بھی ہنر سیکھنے پر توجہ دینی چاہیے کیونکہ یہی باعزت روزگار کا بہترین ذریعہ ہے۔ ان کے مطابق حکومت کی اسکل میپنگ کے مطابق مائننگ، صنعت، زراعت اور گلہ بانی سمیت متعدد شعبوں میں لاکھوں افراد کے لیے روزگار کے مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستانی تکنیکی اسناد اور ڈگریاں بین الاقوامی سطح پر مکمل طور پر قابل قبول نہ ہونے کی ایک بڑی وجہ متعلقہ عالمی اداروں کے ساتھ رجسٹریشن کا فقدان ہے اگر سرٹیفکیشن اور رجسٹریشن کے نظام کو عالمی معیار کے مطابق بنایا جائے تو بلوچستان کے نوجوان دنیا بھر میں بہتر روزگار حاصل کر سکتے ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل نیوٹیک حسین بخش مگسی نے کہا کہ نیوٹیک مقامی اور بیرون ملک سطح پر سکلڈ لیبر کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے اقدامات کر رہا ہے نیوٹیک نے 2024 میں جدید تقاضوں کے مطابق اپنا نصاب اپ ڈیٹ کر دیا ہے تاہم تمام تکنیکی اداروں کو چاہیے کہ وہ چیمبر آف کامرس اور صنعتی شعبے کے ساتھ مستقل رابطے میں رہیں تاکہ تربیت حقیقی مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق ہو۔ حسین بخش مگسی نے کہا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک کوآرڈینیشن کمیٹی تشکیل دی جائے گی تاکہ اداروں کے درمیان رابطوں کے فقدان کا خاتمہ ممکن بنایا جا سکے تاہم اس مقصد کے لیے وزارت تجارت اور دیگر متعلقہ اداروں سے تعاون حاصل کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ صرف بیرون ملک روزگار پر توجہ دینے کے بجائے مقامی تکنیکی اداروں کو مضبوط بنانا ضروری ہے۔ ان کے مطابق ٹی ٹیوٹا کے ساتھ ایک ہزار نوجوانوں کی تربیت کا معاہدہ کیا جا چکا ہے تاہم بعض اداروں میں تربیت کے معیار میں کمی کے باعث امیدواروں کو براہ راست اسسمنٹ کے مرحلے سے گزارنا پڑتا ہے۔ نیوٹیک کے نمائندے مقبول احمد نے کہا کہ ادارہ ملک میں صنعتی ترقی کو فروغ دینے کے لیے کام کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے اجلاس کا بنیادی مقصد صنعتوں کی ضروریات کو سمجھنا اور چیمبر سمیت متعلقہ اداروں سے تجاویز حاصل کرنا ہے تاکہ مستقبل کی تربیتی پالیسی کو مارکیٹ کی ضروریات کے مطابق بنایا جا سکے۔ جی آئی زیڈ کے نمائندے شبیر احمد نے کہا کہ چیمبرز، تکنیکی اداروں اور حکومتی محکموں کے درمیان رابطوں کا فقدان ایک بڑا مسئلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام اداروں کے درمیان مؤثر روابط قائم کیے بغیر ہنرمندی کے شعبے میں مطلوبہ نتائج حاصل نہیں کیے جا سکتے۔ بیورو آف امیگریشن اینڈ اوورسیز ایمپلائمنٹ کے محمد احمد نے شرکا کو بیرون ملک روزگار، رجسٹریشن، مہارتوں کی تصدیق اور افرادی قوت کی برآمد سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ 05

میر چہارم مولانا مفتی حسین احمد سرپرست مولانا حافظ محی الدین مولانا محمد قاسم مولانا مفتی عبداللہ مولانا حافظ ولی محمد مولانا عبدالواسع ڈپٹی جنرل سیکرٹری اول مولانا مفتی دین محمد ڈپٹی جنرل سیکریٹری دوئم مولانا امین اللہ ڈپٹی جنرل سیکرٹری سوئم مولانا عبدالرحیم ڈپٹی جنرل سیکرٹری چہارم مولانا مفتی عبدالستار سیکرٹری اطلاعات مولانا حافظ عین اللہ صابر مولانا حافظ ہدایت اللہ سبحانی ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات مولانا فدا محمد فرقانی ناظم مالیات مولانا عبدالعلی رخشانی مولانا شیر محمد مولانا مفتی محمد سلیمان فاروقی مولانا قاری عبدالخالق حاجی محمد نعیم لالا سالار صلاح الدین معاون سالار عبدالعلی ترین نور محمد نصر اللہ جنگ شاہ محمد پہلوان حافظ حبیب اللہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نادرا سریاب سینٹر کی سیکنڈ شفٹ بند کیے جانے پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے اسے عوام کے ساتھ ناانصافی قرار دیا ہے جمعیت علمائے اسلام کے رہنماؤں نے کہا کہ

جہاں کوئٹہ شہر کے دیگر نادرا اسینٹرز دو شفٹوں میں اپنی خدمات جاری رکھے ہوئے ہیں وہیں سریاب جیسے گنجان آباد علاقے کے واحد نادرا سینٹر سے سیکنڈ شفٹ ختم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کے باعث روزانہ سینکڑوں شہریوں کو شدید مشکلات طویل انتظار اور بار بار چکر لگانے پر مجبور ہونا پڑے گا انہوں نے کہا کہ سریاب سینٹر میں فوری طور پر سیکنڈ شفٹ بحال کی جائے تاکہ شہریوں کو دیگر علاقوں کے برابر سہولیات فراہم کی جا سکیں انہوں کہا کہ اگر شہر کے دیگر مراکز دو شفٹوں میں کام کر سکتے ہیں تو سریاب کے عوام کو اس بنیادی سہولت سے محروم رکھنا کسی صورت قابل قبول نہیں جمعیت علمائے اسلام چیئرمین نادرا، ڈی جی نادرا بلوچستان اور متعلقہ حکام سے فوری نوٹس لینے اور سریاب سینٹر میں سیکنڈ شفٹ بحال کرنے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ عوام کی مشکلات کا ازالہ ہو سکے ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت سریاب کے عوام کو پسماندگی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے۔

بقیہ 06

2026 بنام شہید ڈپٹی کمشنر ذاکر بلوچ فٹبال ٹورنامنٹ کے دلچسپ مقابلے جاری ہیں ٹورنامنٹ میں ڈی ایف اے حب نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملا فاضل فٹبال کلب مند کو 1 کے مقابلے میں 6 گول سے شکست دے کر اگلے مرحلے کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ میچ کے مہمان خصوصی ایس پی کوسٹل ہائی وے پولیس حفیظ امیر تھے، جنہوں نے کھلاڑیوں سے ملاقات کے موقع پر کہا کہ اس نوعیت کے ٹورنامنٹس نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے، کھیلوں کے فروغ اور باصلاحیت کھلاڑیوں کو آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن گوادر کے صدر میر ارشد کلمتی کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ حکومت نوجوانوں میں کھیلوں کے فروغ اور صحت مند سرگرمیوں کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔

بقیہ 07

زی، نقل و حمل اور استعمال کے حوالے سے نافذ قوانین پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے متعلقہ محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ، بروقت معلومات کے تبادلے اور باقاعدہ نگرانی کو مزید مؤثر بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری دیانت داری سے انجام دیں۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔

بقیہ 08

رجوع کیا، تاہم ان کی درخواست پر کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب کے ریجنل آفس، کوئٹہ میں متعلقہ محکمہ کے خلاف شکایت درج کرائی۔ شکایت موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کے ریجنل آفس، کوئٹہ نے فوری طور پر انکوائری کا آغاز کیا، متعلقہ محکمہ کو طلب کیا اور کیس کی سماعت شروع کی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ درخواست گزار کی رقم کی عدم ادائیگی کے حوالے سے کوئی تسلی بخش مؤقف پیش نہ کر سکا۔ جس پر وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کو فی الفور فیئر ویل گرانٹ کی رقم ادا کی جائے۔ وفاقی محتسب کے احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمہ نے درخواست گزار کو فیئرویل گرانٹ کی مد میں 46 ہزار روپے کا چیک جاری کر دیا۔ درخواست گزار نے بروقت اور منصفانہ انصاف کی فراہمی پر وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ ادارہ عام شہریوں کو بغیر کسی فیس اور وکیل کے فوری اور مؤثر انصاف فراہم کر رہا ہے۔

بقیہ 09

شہدائے کربلا کا چہلم آج (بروز منگل) انتہائی عقیدت و احترام سے منایا جائے گا چہلم کا مرکزی جلوس دن 11 بجے تیلی محلہ سے برآمد ہوگا تحریک نفاذ فقہ جعفریہ کے سربراہ علامہ آغا سید حسین مقدسی راولپنڈی سے برآمد ہونے والے مرکزی جلوس ذوالجناح میں شرکت کر کے تبرکات کی زیارت کریں گے اس مقصد کے لئے ضلعی و ٹریفک پولیس راولپنڈی کی طرف سے فول پروف سکیورٹی انتظامات کئے گئے ہیں جس میں 3600 سے زائد افسران و اہلکار جلوس کے لئے سکیورٹی اور 300 سے زائد افسران و اہلکار ٹریفک کے فرائض انجام دیں گے پولیس ترجمان کے مطابق جلوس کے انٹری پوائنٹس پر واک تھرو گیٹ لگائے جائیں گے شرکاء کو مکمل باڈی سرچ کے بعد داخلے کی اجازت دی جائے گی سیف سٹی اور دیگر کیمروں سے مانیٹرنگ کی جائے گی حکومت پنجاب کی جانب سے جاری کردہ ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا جلوس کے شرکاء کی حفاظت کے لئے چھتوں پر خصوصی سنائپر تعینات کئے گئے ہیں روٹ پر گلیوں، سڑکوں اور راستوں کو سیل کیا جائے گا فول پروف سکیورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں دریں اثناء دوران جلوس فوارہ چوک راجہ بازار میں علامہ سید قمر حیدر زیدی 2 بجے دن مرکزی جلوس چہلم سے فلسفہ شہادت حسینؑ کے موضوع پر خطاب کریں گے جبکہ مختار ایس او، مختار آرگنائزیشن، ابراہیم اسکاؤٹس اور مختار جنریشن حبیب بنک چوک اور فوارہ چوک میں عزاداران کیلئے مختار فرسٹ ایڈ میڈیکل کیمپ لگایا جائیگا۔ اس موقع پر ماتمیوں اور زنجیر زنوں کو طبی سہولیات فراہم کرنے کیلئے ڈاکٹروں کا عملہ اسکاؤٹس کے ساتھ موجود ہوگا۔

بقیہ 10

حکمرانوں کی ناکامی کے باعث عوام کی جان و مال اور عزت و وقار غیر محفوظ ہو چکے ہیں۔ ایسے حالات میں خاموش رہنا مزید تباہی کو دعوت دینے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی عوام کے آئینی، جمہوری اور پرامن حقوق کے حصول کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی۔ 7 اگست کی ہڑتال کسی ایک طبقے یا جماعت کی نہیں بلکہ بلوچستان کے مظلوم عوام کی آواز ہے۔ حکومت اور متعلقہ ادارے عوام کے مسائل کے حل، شاہراہوں پر تحفظ کی فراہمی، بارڈرز کی بحالی، لاپتہ افراد کی بازیابی اور امن و امان کے قیام کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ، الفلاح ہاؤس کوئٹہ میں صوبائی ذمہ داران کے ماہانہ تنظیمی جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ، نائب امرا بشیر احمد ماندائی، مولانا عبدالکبیر شاکر، ڈاکٹر عطا الرحمن، پروفیسر محمد ایوب منصور، حافظ مطیع الرحمن، مولانا محمد عارف دمڑ، الخدمت فاؤنڈیشن بلوچستان کے صدر عبدالمجید سربازی، امیر جماعت اسلامی کوئٹہ عبدالنعیم رند، صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹریز پروفیسر سلطان محمد کاکڑ، نورالدین غلزئی، لعل بخش کھوسہ، محمد فاروق کاکڑ، میڈیا انچارج عبدالولی خان شاکر، اسامہ ہاشمی، روح اللہ سالار اور دیگر ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں جماعت اسلامی بلوچستان کی تنظیمی سرگرمیوں، الخدمت فاؤنڈیشن اور

مختلف شعبہ جات کی کارکردگی پر تفصیلی رپورٹس پیش کی گئیں۔ اجلاس نے گزشتہ فیصلوں پر عمل درآمد کا جائزہ لیا اور آئندہ تنظیمی، دعوتی، عوامی و فلاحی سرگرمیوں کو مزید مؤثر بنانے، کارکنان سے رابطے بڑھانے، رکن سازی مہم تیز کرنے اور 7 اگست کی صوبہ گیر ہڑتال کو کامیاب بنانے کے لیے اہم فیصلے کیے۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے تمام ضلعی و مقامی تنظیموں کو ہدایت کی کہ وہ عوام، ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری، وکلاء، طلباء، نوجوانوں اور دیگر طبقات سے رابطوں کو مزید مضبوط بنائیں اور ہڑتال کو مکمل طور پر پرامن، منظم اور کامیاب بنانے کے لیے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔ انہوں نے کہا کہ آج بلوچستان میں بدامنی بدعنوانی عروج پر ہے سیکورٹی فورسز و حکومت اور اسلام آباد کے حکمران امن کی بحالی، حقوق کی فراہمی میں مکمل طور پر ناکام ہوئے ہیں بلوچستان کے عوام حقیقی سیاسی قوم پرست طبقات کو متحد ہو کر بلوچستان کے امن ترقی و خوشحالی اور مسائل کے حل کیلئے مخلصانہ عملی جدوجہد کرنا چاہیے۔ بلوچستان کے عوام کے حقوق کے حصول، امن کے قیام اور دیرپا مسائل کے حل تک جماعت اسلامی کی جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ 11

اور خارجی راستوں کو سیکیورٹی کے پیش نظر سیل کر دیا گیا ہے اور شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔ انہوں نے کہا کہ جلوس کی سیکیورٹی کے لیے پولیس، اے ٹی ایف، بی ڈی ایس، لیڈیز پولیس، سنائپرز، ایلیٹ فورس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ جلوس کے روٹ پر واک تھرو گیٹس، میٹل ڈیٹیکٹرز، سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے مانیٹرنگ، سخت چیکنگ اور مسلسل نگرانی کے انتظامات کیے گئے ہیں تاکہ عزاداروں کو پرامن اور محفوظ ماحول فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے شہریوں سے غیر ضروری طور پر جلوس کے روٹ پر آنے سے گریز کرنے متبادل راستے اختیار کرنے اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی فوری اطلاع پولیس کو دینے کی اپیل کرتے ہوئے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ کوئٹہ پولیس چہلم کے موقع پر امن و امان برقرار رکھنے اور عزاداروں کی جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام ممکنہ اقدامات بروئے کار لا رہی ہے۔ اس حوالے سے سیکورٹی کے مکمل فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں۔

بقیہ 12

پر تحصیلدار اورماڑہ نور خان بلوچ کی نگرانی میں اورماڑہ کے مرکزی بازار کا تفصیلی معائنہ کیا گیا۔ دورے کے دوران کریانہ اسٹورز، سبزی فروشوں، گوشت فروشوں اور دیگر کاروباری مراکز کا جائزہ لیا گیا۔ معائنہ کے دوران سرکاری نرخناموں کی دستیابی، اشیائے خورد و نوش کے معیار، صفائی کی صورتحال اور ایکسپائر اشیاء کی موجودگی کو خصوصی طور پر چیک کیا گیا، جبکہ دکانداروں کو حفظان صحت کے اصولوں اور سرکاری نرخناموں پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی گئی۔ ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا کہ عوام کو معیاری، محفوظ اور مناسب نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی مؤثر نگرانی میں ضلع بھر میں پرائس کنٹرول، صفائی اور صارفین کے حقوق کے تحفظ کے لیے ایسے معائنہ جاتی دورے باقاعدگی سے جاری رہیں گے تاکہ شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

بقیہ 13

ر، جعفر آباد اور اوستہ محمد میں سیلاب، زرعی زمینوں کی تباہی، آبادیوں کے ڈوبنے اور بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچنے کا خطرہ پیدا ہو سکتا ہے۔ ماہرین اور سرکاری دستاویزات میں بھی حیردین ڈرین کی اہمیت اور اس کی حفاظت پر زور دیا گیا ہے۔ مسعود احمد خان کھوسہ نے کہا کہ ہم متعلقہ حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اس معاملے پر فوری طور پر تکنیکی اور ماحولیاتی جائزہ لیا جائے، تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لیا جائے اور ایسا کوئی بھی فیصلہ نہ کیا جائے جس سے عوام، کسانوں اور تینوں اضلاع کے لاکھوں افراد کی جان و مال اور روزگار کو خطرات لاحق ہوں۔

بقیہ 14

ی کی گئیں کہ اس دن کی مناسبت سے خصوصی تقریبات کا اہتمام کیا جائے ڈپٹی کمشنر قلات منیر احمد درانی کی ہدایت پر یوم استحصال کشمیر (5 اگست) کے موقع پر ضلع بھر میں بھرپور تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں قلات کے عوام سول سوسائٹی اور انتظامی اداروں کی جانب سے کشمیریوں سے اظہار یکجہتی پر مبنی پوسٹرز، بینرز، فلیکسز ہر دوگرام ترتیب دیے گئے ہیں یوم استحصال کشمیر کی مناسبت سے منعقدہ تقریبات بطور ضلعی انتظامیہ کے زیر انتظام جاری تیاریوں کا مقصد کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار، بھارت کے غیر قانونی اقدامات کی مذمت کرنا ہے ڈپٹی کمشنر قلات کا کہنا ہے کہ 5 اگست کی سرکاری تقریبات، عوامی آگاہی مہم، ریلیوں کے انعقاد کے ساتھ مربوط رابطوں کے ذریعے یوم استحصال کو بھرپور انداز میں منانے کا مقصد کشمیریوں کے حق خودارادیت کی بھرپور حمایت کا پیغام دیا جا سکے۔

بقیہ 15

اپنے انٹرا پارٹی انتخابات ایک غیر جانبدار تھرڈ پارٹی کے ذریعے منعقد کراتی ہے۔ اسی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے ضلع کوئٹہ کے انتخابات بھی پریس کلب کوئٹہ کے سینئر صحافیوں پر مشتمل آزاد الیکشن کمیٹی کی نگرانی میں منعقد ہوئے۔ الیکشن کمیٹی کے چیئرمین سینئر صحافی محمد یعقوب شاہوانی جبکہ ممبران کفایت علی اور ذاکر علی تھے۔ پولنگ کا عمل صبح 11 بجے سے شام 5 بجے تک نہایت پرامن، شفاف اور خوشگوار ماحول میں جاری رہا، جس میں ضلع کوئٹہ کے کونسلران نے بھرپور انداز میں اپنا جمہوری حق رائے دہی استعمال کیا۔ ووٹوں کی گنتی مکمل ہونے کے بعد الیکشن کمیٹی کے چیئرمین محمد یعقوب شاہوانی نے نو منتخب ضلعی کابینہ کا باضابطہ اعلان کیا۔ انتخابی نتائج کے مطابق حاجی عطا محمد بنگلزئی ضلعی صدر، محمد عارف دہوار سینئر نائب صدر، میر نصیب اللہ بنگلزئی جونیئر نائب صدر، حاجی عبدالصمد بلوچ جنرل سیکریٹری، ملک عبدالرحمن بلوچ ڈپٹی جنرل سیکریٹری، عبداللہ لیبر سیکریٹری، عیوض علی کشتمند ہزارہ رابطہ سیکریٹری، عنایت اللہ بزدار یوتھ اینڈ سپورٹس سیکریٹری، آصف جان مسیح فنانس سیکریٹری، فریدہ بلوچ خواتین سیکریٹری، آغا عمر بلوچ انفارمیشن سیکریٹری اور سعید سالاتی سوشل میڈیا سیکریٹری منتخب ہوئے۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر چیئرمین اسلم بلوچ نے نو منتخب کابینہ کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حالات میں، جب ملک بالخصوص بلوچستان سیاسی بے یقینی، بدامنی، خوف و ہراس اور جمہوری اقدار کو درپیش چیلنجز سے دوچار ہے، نیشنل پارٹی آئینی، سیاسی اور جمہوری جدوجہد کے ذریعے عوام کے حقوق کے تحفظ اور بلوچستان کے روشن مستقبل کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہے۔

انہوں نے کہا کہ پارٹی کی اصل طاقت اس کی تنظیم، کارکن اور جمہوری مزاج ہے، جسے مزید مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ مرکزی نائب صدر ڈاکٹر اسحاق بلوچ نے اپنے خطاب میں کہا کہ کوئٹہ نیشنل پارٹی کی سیاست کا اہم مرکز ہے، اس لیے یہاں کی تنظیم کو مزید فعال، منظم اور مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ نو منتخب ضلعی کابینہ یونٹ سازی پر خصوصی توجہ دے گی، نئے کارکنوں کو پارٹی میں منظم کرے گی اور دارالحکومت کوئٹہ میں نیشنل پارٹی کو ایک مضبوط، مؤثر اور متحرک سیاسی قوت کے طور پر مزید مستحکم کرے گی۔ نو منتخب ضلعی صدر حاجی عطا محمد بنگلزئی اور جنرل سیکریٹری حاجی عبدالصمد بلوچ نے خطاب کرتے ہوئے ضلع کوئٹہ کے تمام کونسلران کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ کونسل نے جس اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انہیں یہ ذمہ داری سونپی ہے، وہ اس اعتماد پر پورا اترنے کے لیے اپنی پوری ٹیم کے ساتھ دن رات محنت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کی تنظیمی فعالیت، یونٹ سازی، کارکنوں کی سیاسی تربیت اور عوامی مسائل کے حل کے لیے بھرپور جدوجہد کی جائے گی تاکہ کوئٹہ میں نیشنل پارٹی کو مزید منظم، مضبوط اور عوام کی حقیقی نمائندہ سیاسی قوت بنایا جا سکے۔ اجلاس کے اختتام پر مرکزی و صوبائی قیادت نے نو منتخب کابینہ کے لیے نیک تمناں کا اظہار کرتے ہوئے اس امید کا اظہار کیا کہ نئی قیادت پارٹی کے آئین، منشور اور جمہوری روایات کے مطابق تنظیم کو مزید فعال بناتے ہوئے عوامی خدمت، سیاسی شعور اور جمہوری جدوجہد کو مزید مؤثر انداز میں آگے بڑھائے گی۔

بقیہ 16

سکیں۔ اجلاس میں پرو وائس چانسلر ڈاکٹر کمال احمد، فیکلٹی آف لٹریچر اینڈ لینگویجز کے ڈین ڈاکٹر عبدالصبور (تمغہ امتیاز)، فیکلٹی آف سوشل سائنسز کے ڈین ڈاکٹر محمد طاہر حکیم، فیکلٹی آف لاء کے ڈین ڈاکٹر مظفر حسین، رجسٹرار گنگزار بلوچ، ڈائریکٹر فنانس شاہ بیک سید، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر عبدالماجد ناصر، ڈائریکٹر اورک ڈاکٹر محمد یاسین اور تمام تعلیمی و انتظامی شعبہ جات کے سربراہان نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے فیکلٹی اور انتظامی سربراہان پر زور دیا کہ وہ قومی و بین الاقوامی سطح پر ریسرچ پروجیکٹس کے حصول، اعلیٰ معیار کے تحقیقی مقالوں کی اشاعت اور ایم فل و پی ایچ ڈی پروگراموں کو اپ گریڈ کرنے کے لیے مشترکہ کوششیں تیز کریں۔ انہوں نے طلبہ کے داخلوں میں اضافے، تعلیمی پروگراموں کی باقاعدہ ایکریڈیٹیشن اور تربت یونیورسٹی کے ریسرچ جرنلز کو ہائر ایجوکیشن کمیشن سے منظوری کرانے کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ یونیورسٹی میں تعلیمی معیار کو مزید بہتر کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے وائس چانسلر نے آؤٹ کم بیسڈ ایجوکیشن فریم ورک کے نفاذ کی ضرورت پر بھی زور دیا تاکہ تربت یونیورسٹی کے گریجویٹس قومی اور عالمی سطح پر اپنی شناخت بنا سکیں۔ اجلاس کے دوران شرکاء نے ایچ ای سی کی گائیڈ لائنز کے مطابق جدید تعلیمی پروگرام متعارف کرانے کے لیے اہم تجاویز پیش کیں۔ اجلاس میں سپرنگ 2027 کے داخلوں کی تیاریوں، یونیورسٹی کے ایڈمیشن سسٹم اور تعلیمی و انتظامی سرگرمیوں کو مکمل طور پر ڈیجیٹلائز کرنے کے عمل کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے اختتام پر کیمپس میں بنیادی ڈھانچے کی توسیع اور تدریس و تحقیق کے لیے سازگار ماحول فراہم کرنے کے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا گیا۔

بقیہ 17

بی این پی میاں غنڈی کے یونٹ سیکرٹری نذیر احمد بلوچ، اور شبیر احمد بھی انکے ہمراہ تھے انہوں نے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ وہ مرحوم کو اپنے جوار رحمت جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق دے آمین

بقیہ 18

ساتھ زاتی دشمنی نہیں اس سے قبل قادر بخش بوہڑ نے ہمارے ساتھ جھگڑا کیا جس کا فیصلہ قبائلی عمائدین نے کیا اس کے باوجود بھی قادر بخش بوہڑ ہمارے ساتھ زیادتی کر رہا ہے اور آج سرعام اس نے مجھ پر فائرنگ کی ہے انہوں نے ڈی آئی جی نصیرآباد ایس ایس پی اوستہ محمد سے مطالبہ کیا وہ آج ہونے والے واقع کا نوٹس لیں اور ہمارے ساتھ انصاف کریں اور ملزم قادر بخش اور اس کے بیٹے پر ایف آئی آر درج کریں۔

بقیہ 19

کیا ہے کہ خیر جان بلوچ کے خاندان پر یہ پہلا حملہ نہیں بلکہ بار ہا اس قسم کے حملے ہوئے ہیں جن میں خیر جان بلوچ کے بھائی ڈاکٹر شفیع بزنجو سمیت خاندان کے دس کے قریب افراد شہید ہو گئے ہیں رات میں حملے میں بھی میر عبدالغفور کے فرزند عبدالمجید شہید جبکہ دوسرے فرزند عبدالعابد شدید زخمی ہو گئے ہیں لیکن خیر جان بلوچ مستقل مزاجی و تندہی سے نیشنل پارٹی کے پلیٹ فارم سے پرامن سیاسی و جمہوری سیاسی عمل کا حصہ ہیں اور حصہ رہیں گے اس قسم کی دہشت گردی سے ان کے حوصلے پست نہیں کیے جا سکتے البتہ یہ عمل کھلی دہشت گردی ہے جو بلوچستان میں خانہ جنگی کا پیش خیمہ ہے نیشنل پارٹی ایک جمہوریت پسند قوم دوست و عوام دوست سیاسی جماعت ہے اور ہر قسم کے دہشت گردی کی مذمت کرتی ہے پارٹی خیر جان بلوچ اور ان کے خاندان کو مسلسل دہشت گردی کا نشانہ بنانے کو کھلی دہشتگردی قرار دیتے ہوئے اس کی بھرپور مذمت کی ہے خیر جان بلوچ اور میر عبدالغفور سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے شہید عبدالمجید کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی ہے۔

بقیہ 20

کہ اگلے فیز میں مزید سو جدید ایئر کنڈیشن بسیں صوبے کے گرلز و بوائز کالجز کو دی جائیں گی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر کالجز محمد حسین بلوچ اور پراجیکٹ ڈائریکٹر کالجز اشفاق بلوچ جوائنٹ ڈائریکٹر سعیدہ بلوچ انکے ہمراہ موجود تھے۔

بقیہ 21

شراف آغا، صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری اقبال خان بڑیچ، ضلع کوئٹہ کے اطلاعات سیکرٹری فیصل کاکڑ، ضلع آفس سیکرٹری نصیب اللہ نیازی، ضلع معاون میں اکرم خان خلجی، فضل ترین، نعمت آغا، ضلع کمیٹی کے اراکین سردار بہادر خان موسیٰ خیل اور عظیم دوتانی نے شرکت کی۔ اجلاس کی کارروائی تحصیل سینئر معاون سیکرٹری راحت بازئی نے سرانجام دی۔ اجلاس سے پارٹی رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کوئٹہ بالخصوص تحصیل صدر کے علاقوں میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی اجیرن کردی ہے، مسلسل لوڈشیڈنگ، وولٹیج کی کمی کے مسائل نے گھریلو صارفین اور تاجروں، دکانداروں، مزدوروں کو بھی شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے۔ کیسکو بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خاتمہ کی بجائے عوام کو بھاری بھرکم بلز بھیجنے، غیر قانونی طور پر میٹرز لے جانے، تاریکیاں مسلط کرنے کے عوام

دشمن اقدامات پر گامزن ہے جسکی پارٹی نہ صرف مذمت کرتی ہے بلکہ مطالبہ کرتی ہے کہ فوری طور پر غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ سے عوام کو نجات دی جائے اور درست وولٹیج کیساتھ بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائیں۔ اجلاس میں ہنہ اوڑک، سرہ غوڑگی، منگلہ، چشمہ و دیگر علاقوں میں بدامنی کے واقعات کی مذمت کرتے ہوئے حکومت پر زور دیا گیا کہ وہ شہریوں کے سرومال کی تحفظ کو یقینی بنائے۔ اجلاس میں صفا پروجیکٹ کے تحت صفائی کے ناقص نظام پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ مسلسل نشاندہی کے باوجود تحصیل صدر کے مختلف علاقوں بالخصوص پشتون باغ، خروٹ آباد، خیزئی، نواں کلی، ترین شار، زرغون آباد، عالمو کلی براٹ، کلی شابو، کلی الماس، کلی گل محمد، شیخ ماندہ، کلی عمر، کوڑوال، سبزل و دیگر علاقوں میں کچروں کے ڈھیر لگ چکے ہیں جبکہ مچھروں کے پھیلاؤ کے باعث مختلف بیماریاں پھیل رہی ہے۔ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ ملیریا و دیگر امراض سے بچاؤ کیلئے فوری طور پر اسپرے کرے۔ اجلاس میں پارٹی رہنماؤں نے زور دیا کہ 5 اگست کو تحریک تحفظ آئین پاکستان کے زیر اہتمام ہونے والے احتجاجی مظاہرے کی بھرپور تیاری کی جائے اور اس سلسلے میں علاقائی ایگزیکٹیوز، ابتدائی یونٹس کے جنرل باڈی اور علاقائی کمیٹیوں کے علیحدہ علیحدہ اجلاسوں کا انعقاد کیا جائے اور جلوس کی شکل میں احتجاجی مظاہرے میں شرکت کی جائے۔

بقیہ 22

سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا ضلع سینئر معاون سعید خان کاکڑ اور دیگر ضلع ایگزیکٹیوز و ضلع کمیٹی کے اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس میں تحصیل ایگزیکٹیوز و تحصیل کمیٹی کے اراکین نے علیحدہ علیحدہ رپورٹس پیش کی جس کا جائزہ لینے کے بعد منظوری دی گئی۔ اجلاس میں تحریک تحفظ آئین پاکستان کے زیر اہتمام 5 اگست کو پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کے 3 سال قید کے مکمل ہونے پر ملک بھر میں احتجاج کے سلسلے میں کوئٹہ کے احتجاج میں بھرپور انداز میں شرکت کا عزم کیا گیا اور کارکنوں کو ہدایت کی گئی کہ وہ اس احتجاج میں بڑی تعداد میں شرکت کو یقینی بنائے۔ اجلاس میں پارٹی کی سیاسی تنظیمی سرگرمیوں کو دوبالا کرنے پر زور دیا گیا اور ساتھ ہی تمام عہدیداروں و کارکنوں کو تاکید کی گئی کہ وہ اپنے اپنے پارٹی اداروں کے اجلاسوں کو بروقت منعقد کرنے اور بالخصوص ابتدائی یونٹس کے ماہانہ اجلاسوں کے انعقاد کو ہر صورت یقینی بنائے۔ اجلاس میں کچلاغ کے مختلف علاقوں میں چوری ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافے پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ مسلسل وارداتوں نے شہریوں کو شام کے بعد گھروں میں محصور کر دیا ہے مختلف واقعات میں شہریوں سے اسلحے کے زور پر موٹر سائیکل، موبائل و نقدی چھیننے، انہیں زدوکوب کرنے کے واقعات اور بعد میں بھتہ مانگنے کے بعد موٹر سائیکل کی فراہمی کرنے کا سلسلہ پولیس کے ناک کے نیچے جاری ہے جس پر کچلاغ پولیس تھانوں نے مجرمانہ خاموشی اختیار کرتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کا ساتھ دیتے ہوئے شہریوں کو ان کے رحم و کرم پر چھوڑ رکھا ہے جس کی پارٹی سخت الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور آئی جی پولیس، ڈی آئی جی پولیس سے مطالبہ کرتی ہے کہ وہ کچلاغ میں عوام کے سرومال کی تحفظ اور جرائم پیشہ عناصر و جتھوں کا خاتمہ کر کے متعلقہ پولیس تھانوں کی کارکردگی کا نوٹس لیں۔

بقیہ 23

کہ اسرائیلی جارحیت کے موقع پر پاکستانی پارلیمنٹ نے ایران کی حمایت کی، جبکہ ایرانی پارلیمنٹ میں پاکستان تشکر کے نعرے گونجے۔ ایرانی عوام نے بھی پاکستانی پرچم لہرا کر پاکستان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ ایرانی سفیر نے کہا کہ ایران کے سپریم لیڈر نے پاکستان کے ساتھ تعلقات کی اہمیت اجاگر کی ہے، جبکہ صدر مسعود پزشکیان کے دو دورہ پاکستان دونوں ممالک کے مضبوط تعلقات کے عکاس ہیں۔ ان کے مطابق وزیراعظم پاکستان کے متعدد دورہ ایران سے دونوں ممالک کے باہمی روابط مزید مضبوط ہوئے، جبکہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے متعدد دوروں نے دفاعی اور باہمی تعاون کو فروغ دیا۔ ایرانی سفیر نے کہا کہ جون 2026 میں صدر مسعود پزشکیان کا اسلام آباد کا دورہ یادگار رہا اور اس دورے سے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید تقویت ملی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ایران کی دوستی صرف دونوں ممالک تک محدود نہیں بلکہ پورے خطے کے لیے ایک مثالی نمونہ بن سکتی ہے۔ ایرانی سفیر نے مسلم ممالک پر زور دیا کہ وہ امن، استحکام اور ترقی کے لیے متحد ہوں اور باہمی تعاون کو مزید فروغ دیں۔

بقیہ 24

میں عہدیداروں کا انتخاب مکمل جمہوری طریقہ کار کے تحت عمل میں لایا جاتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پارٹی میں کسی کو پرچی کے ذریعے مسلط نہیں کیا جاتا بلکہ کارکنوں کی رائے کو مقدم رکھا جاتا ہے۔ میر رحمت صالح بلوچ نے طویل وقفے کے بعد کوئٹہ میں ضلعی انتخابات کے انعقاد کے فیصلے پر پارٹی کی متعلقہ کمیٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ فیصلہ کارکنوں میں نئی روح پھونکنے کے مترادف ہے۔ اس سے نوجوان قیادت کو آگے آنے کا موقع ملے گا اور پارٹی گراس روٹ سطح پر مزید فعال ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کا ہمیشہ سے یہ مؤقف رہا ہے کہ جب تک سیاسی جماعتوں کے اندر حقیقی جمہوریت قائم نہیں ہوگی، اس وقت تک ملک میں جمہوری اقدار مضبوط نہیں ہو سکتیں۔ انہوں نے کوئٹہ پریس کلب کی انتظامیہ کا بھی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ پریس کلب نے ہمیشہ جمہوری عمل کی حمایت کی ہے اور اس بار بھی بھرپور تعاون فراہم کیا۔ انہوں نے ضلعی کونسلران کے کردار کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انتخابی عمل کے دوران کارکنوں نے جس نظم و ضبط، برداشت اور رواداری کا مظاہرہ کیا وہ قابل ستائش ہے۔ ان کے بقول پورے عمل میں اتحاد اور بھائی چارے کی فضا قائم رہی، جو نیشنل پارٹی کی سیاسی تربیت کا عملی ثبوت ہے۔ انہوں نے نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے نو منتخب عہدیداروں کو مبارکباد دیتے ہوئے صدر حاجی عطا محمد بنگلزئی، جنرل سیکرٹری عبدالصمد بلوچ، سینئر نائب صدر محمد عارف دہوار، جونیئر نائب میر نصیب اللہ بنگلزئی، خواتین سیکرٹری فریدہ بلوچ، سوشل میڈیا سیکرٹری سعید سالاتی، عیوض علی سمیت تمام منتخب عہدیداروں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ میر رحمت صالح بلوچ نے نیشنل پارٹی پنجگور کے نو منتخب عہدیداروں کو بھی مبارکباد پیش کرتے ہوئے صدر محسن بھٹو، جنرل سیکرٹری خدا بخش سعید، نائب صدر ندیم یاسین، ڈپٹی جنرل سیکرٹری نور امین، سیکرٹری اطلاعات اسماعیل میر، رابطہ سیکرٹری لعل جان یوسف اور فنانس سیکرٹری ڈاکٹر واحد بلوچ کے لیے نیک تمناں کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی کہ وہ پارٹی کو مزید مضبوط اور فعال بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے

بقیہ 25

ٹیموں نے ہنگامی بنیادوں پر مرمتی کام شروع کر دیا۔ سوئی سدرن گیس کمپنی کے جاری کردہ اعلامیہ میں بتایا گیا کہ 16 انچ قطر کے ایک وال میں اچانک خرابی پیدا ہوئی جس کے باعث کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں، بکرا منڈی، بھوسہ منڈی، لنک بادینی، سریاب روڈ، قمبرانی روڈ، کرانی روڈ، کلی ترین، سیٹلائٹ ٹاؤن، مشن ہسپتال، اکرم ہسپتال سمیت دیگر علاقوں کے مکینوں کو گیس کی فراہمی معطل ہو گئی کمپنی کی جانب سے ہنگامی بنیادوں پر مرمت کا کام شروع کر دیا گیا ہے اور شام 6 بجے کے بعد گیس کی فراہمی بحال کر دی گئی۔

بقیہ 26

الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق شمالی کیرولائنا کے قصبے مسکو کے رہائشی تھامس مونیوز نے مقامی دکان سے 10 ڈالرز کا ٹرپل ریڈ 777 جیک پاٹ اسکریچ آف ٹکٹ خریدا کیونکہ وہ 7 نمبر کو اپنا ہمیشہ سے اپنا لکی نمبر مانتے ہیں۔ تھامس مونیوز نے بتایا کہ 7 نمبر سے میری ذاتی وابستگی ہے کیونکہ میں 1977ء میں 7 تاریخ کو پیدا ہوا تھا۔ انہوں نے ٹکٹ خریدنے کے فوراً بعد اسے اسکریچ کیا اور انہیں یہ معلوم ہوا کہ وہ 10 لاکھ ڈالرز کی لاٹری جیت گئے ہیں۔ تھامس مونیوز اس لمحے کو بیان کرتے ہوئے بے انتہا خوش اور پُرجوش تھے۔

بقیہ 27

ڈیوٹی سرانجام دیتا ہے اپنے بچوں کی بیماری کی وجہ سے 3 موٹر سائیکلیں قسطوں پر لیں جس کی مجموعی طور پر رقم 6 لاکھ 75 ہزار روپے تھی میں نے تمام رقم یکمشت ادا کر دی اور 5 لاکھ 49 ہزار روپے کی تمام رسیدیں جس پر عظیم اور گواہوں کے دستخط موجود ہیں لیکن اب وہ گزشتہ سال مئی میں میرے خلاف سٹی تھانہ بی میں مقدمہ درج کر کے 19 لاکھ 50 ہزار روپے کا مطالبہ کر رہا ہے اور ایف آئی آر کے ذریعے بلیک میل کرتا ہے انہوں نے آئی جی پولیس بلوچستان، ڈی آئی جی پولیس سبی رینج سے مطالبہ کیا کہ مذکورہ پولیس اہلکار کے خلاف بلیک میل کرنے کا نوٹس لیکر کارروائی کر کے ہمیں انصاف فراہم کیا جائے وہ سود پر سود دے رہا ہے اور لوگوں کی مجبوری سے فائدہ اٹھا رہا ہے اگر مجھے انصاف نہ ملا تو میں مجبور ہو کر خودکشی کروں گا جس کی حالات کی تمام تر ذمہ داری مذکورہ اہلکار پر عائد ہوگی۔

بقیہ 28

ایس ایم تنویر کی جرأتمندانہ قیادت کی وکیل سے پہلی اکنامک سمٹ اسلام آباد ملک کی بدترین معاشی حالت کی بہتری میں مشعل راہ کے مانند ثابت ہوگا جسکو تاریخ میں سنہرے الفاظ میں یاد کیا جائے گا ایس ایم تنویر نے انتھک محنت، فکر و فہم اور اعلیٰ کردار سے مرحوم ایس ایم منیر کے وجود کو زندہ کر دیا ہے پیٹرن چیمبر آف کامرس ہر آئینی اور معاشی اقدامات میں ایس ایم تنویر کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہوگی ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام اسٹیک ہولڈر کو اختلافات، مفادات اور ترجیحات سے بالاتر ہو کر ایک زبان و یک جان ہو کر ملک کو ترقی و کامیابی کی راہ پر گامزن کرنا ہوگا ہم سب نے دن رات محنت کر کے اتفاق و اتحاد سے دنیا کے نقشے پر دوبارہ پاکستان کو اعلیٰ مقام دلانا ہے

NOTICE INVITING TENDER

Sealed bids are invited from eligible firms / contractors registered with Pakistan Engineering Council (PEC) and Income Tax / Sales Tax Departments, under Single Stage – Two Envelope Bidding Procedure, as per Rule 36(b) of the Balochistan Public Procurement Regulatory Authority (BPRA) Rules, 2014, for the following works:

T.S.E-No.	S. No	Name of Work	Estimated Cost (PKR)	Earnest Money	Tender Fee
2627081150763	1	CIVIL WORK FOR THE CONSTRUCTION OF WSS, GOTH KAPARI, DISTRICT SOHBATPUR	15,332,776	(2% of E/Cost as CDR)	1500/-
2627081150803	2	SUPPLY AND INSTALLATION OF SOLAR FOR WSS, GOTH KAPARI, DISTRICT SOHBATPUR	4,356,000		1500/-
2627081150813	3	SUPPLY OF PIPE FOR WSS, GOTH KAPARI, DISTRICT SOHBATPUR	1,294,224		1500/-
2627081150843	4	SUPPLY AND INSTALLATION OF RO WATER PLANT / SOLAR SYSTEM FOR WSS, GOTH KAPARI, DISTRICT SOHBATPUR	8,751,000		1500/-

Key Dates & Information

Last Date & Time for Submission of Bids	20th August 2026 up to 12.00 PM
Place of Submission	Office of the Executive Engineer, PHE Division Sohbatpur
Date & Time of Opening of Technical Proposals	20th August 2026 at 01.00 PM
Validity of Bids	90 (Ninety) days from the date of opening of Technical Proposals

BIDDING PROCEDURE — SINGLE STAGE TWO ENVELOPE In pursuance of Rule 36(b) of the BPRA Rules, 2014, the Single Stage – Two Envelope Bidding Procedure shall be adopted. The procedure shall be as under: (a) The bid shall comprise a single package containing two separate sealed envelopes marked "TECHNICAL PROPOSAL" and "FINANCIAL PROPOSAL"; (b) Initially, only the "TECHNICAL PROPOSAL" envelope shall be opened publicly at the notified date, time and venue; (c) The "FINANCIAL PROPOSAL" envelope shall be retained un-opened in the custody of the Procuring Agency; (d) Technical proposals shall be evaluated without reference to price. Bids not conforming to specified requirements shall be rejected; (e) Financial proposals of only technically qualified bidders shall be opened publicly at a later date announced in advance; (f) Financial proposals of technically non-responsive bidders shall be returned un-opened; and (g) The lowest evaluated bid among technically qualified bidders shall be accepted. **ELIGIBILITY CRITERIA** Bidders must fulfill the following minimum eligibility requirements. Failure to meet any requirement shall result in disqualification:

S. No	Eligibility Requirement	Documentary Evidence
1	Valid PEC registration in relevant category (Civil / Electrical / Public Health Engineering).	Copy of valid PEC Registration Certificate.
2	Registered with Income Tax and Sales Tax Departments and on Active Taxpayers List of FBR.	Copy of NTN, GST Registration and ATL Status.
3	Experience of having completed at least one similar work costing not less than Rs. 15,000,000 during the last five years.	Completion Certificate / Work Order / Client Reference.
4	Satisfactory financial standing with positive net worth.	Audited Financial Statements for last 2 years.
5	Not blacklisted by any Government / Semi-Government Department.	Affidavit on Stamp Paper of Rs. 100/- attested by Notary Public.
6	Submission of Bid Security (Earnest Money) as specified in the TSE table.	Pay Order / Demand Draft / Bank Guarantee in favour of EE, PHE Division Sohbatpur.

3. TERMS & CONDITIONS All rates shall be inclusive of taxes, duties, freight, insurance, labour, tools, plants and all incidental charges. No extra claim shall be entertained. The contractor shall make his own arrangements for water, electricity, site office and approach to site. The work shall be executed strictly as per approved drawings, BOQ, specifications and directions of the Engineer-in-Charge. Time for completion shall be 12 (Twelve) Calendar Months from the date of Work Order. Liquidated damages @ 0.1% per week of delay, maximum 10%, shall apply. The Procuring Agency reserves the right to reject any or all bids without assigning any reason. Quantity of any item may be increased or decreased up to 25% without change in unit rates. Subletting or assignment of contract shall not be allowed without prior written consent. Defect Liability Period shall be 12 months from the date of completion. Disputes shall be resolved through arbitration as per the Arbitration Act, 1940. This procurement is governed by the BPRA Rules, 2014 (as amended). **DOCUMENTS REQUIRED WITH TECHNICAL PROPOSAL** The Technical Proposal envelope shall contain the following documents: Bid Submission Form (as per prescribed format) 2% Bid Security (Earnest Money) in form of CDR. Valid PEC Registration Certificate Valid NTN & GST Registration Certificates Active Taxpayer Status (ATL) from FBR Audited Financial Statements for last 2 years Bank Solvency Certificate from a scheduled bank Completion Certificate / Work Order for similar work (last 5 years) Methodology, Work Plan & Quality Assurance Plan Affidavit regarding non-blacklisting (on Stamp Paper of Rs. 100/-) **DOCUMENTS REQUIRED WITH FINANCIAL PROPOSAL** Financial Proposal Form Priced Bill of Quantities (BOQ) duly filled, signed and stamped on each page Summary of Priced BOQ

CONTACT INFORMATION

Procuring Agency Public Health Engineering Department, Government of Balochistan
Office Office of the Executive Engineer, PHE Division Sohbatpur
Address PHE Division Office, Sohbatpur, District Sohbatpur, Balochistan

IMPORTANT NOTES Bids received after the stipulated date and time shall not be entertained and shall be returned un-opened. The Procuring Agency shall not be responsible for any postal delay or loss of bids in transit. No bidder shall be allowed to withdraw or modify the bid after the deadline for submission. The Procuring Agency reserves the right to conduct pre-bid meetings and site visits as deemed necessary. All costs incurred by bidders in connection with bid preparation shall be borne entirely by the bidders. The issuance of this NIT does not constitute any commitment to award the contract. Corrupt, fraudulent, collusive or coercive practices shall result in immediate disqualification and blacklisting. This NIT is issued subject to availability of funds and administrative approval

Executive Engineer
PHE Division Sohbatpur

DPRQ/PRQ No.545/03-08-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

ڈائریکٹر مارکیٹنگ اینڈ سیل ڈائیوو پاک موٹرز محمد طاہر جاوید نے نئی لگژری بس کی چابی میاں نعیم الدین کو دی

مسافروں کو محفوظ، سستی، آرام دہ سفری سہولیات فراہم کرتے ہیں، میاں نعیم الدین

میاں نعیم الدین نے ڈائیوو پاک موٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی کے ہیڈ آفس اور مینوفیکچرنگ اینڈ اسمبلنگ یونٹ کا دورہ کیا

کوئٹہ (آن لائن) مسافروں کو محفوظ، ماحول دوست، پرلطف، سستی اور آرام دہ سفری سہولیات مہیا کرنے کیلئے ایکسپریس ٹرانسپورٹ سروس نے ڈائیوو پاک موٹرز پرائیویٹ لمیٹڈ (ڈسٹری بیوٹر اینڈ مینوفیکچر آف ڈائیوو اینڈ کنگ لانگ بس) جیسے بین الاقوامی برانڈز کی ہیوی بسیں اور کوچز تیار اور فراہم کرتی ہے سے نئی لگژری بسیں خرید لی ہیں۔ ایکسپریس ٹرانسپورٹ سروس کے چیف ایگزیکٹو چوہدری عثمان محمود (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو کی زیر صدارت اجلاس

منصوبوں پر عملدرآمد میں معیار، شفافیت اور بروقت تکمیل کو اولین ترجیح دی جائے

خاران (خ ن) ڈپٹی کمشنر خاران جناب منیر احمد سومرو کی زیر صدارت بلوچستان اسپیشل ڈیولپمنٹ انیشیٹو (BSDI) فیز III- کے تحت لوکل گورنمنٹ کے ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈرز کھولنے کا اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم پی اے خاران و صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات جناب میر شعیب جان نوشیروانی صاحب کے نمائندے حاجی میر عبداللطیف نوتیزئی سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بعض ٹینڈرز بلوچستان پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (BPRA) کے ای بڈنگ (E-Bidding) نظام کے تحت آن لائن (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

مسلم لیگ (ن) کو آزاد کشمیر کے انتخابات میں عوامی اعتماد حاصل ہوا، کامیابی کو تسلیم کیا جائے، عطا اللہ تارڑ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ آزاد جموں وکشمیر کے انتخابات کے دوسرے مرحلے میں مسلم لیگ (ن) نے نمایاں کامیابی حاصل کرتے ہوئے سادہ اکثریت حاصل کر لی ہے، جو عوام کے اعتماد، جماعت کی کارکردگی اور تعمیر وترقی (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

لاہور، سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری، سابق گورنر سندھ عمران اسماعیل اور وسیم اختر کے ہمراہ لاہور پریس کلب میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ملک کے تمام مسائل کا واحد حل دھاندلی اور ہر قسم کی مداخلت سے پاک، شفاف اور آزادانہ انتخابات کا انعقاد ہے

کارکنان عوام کے مسائل کے حل کیلئے میدان میں متحرک رہیں

ایک بار پھر نئے تجربات کے تحت ملک کے نظام کو بند کمروں کے فیصلوں کے ذریعے تختہ مشق بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ میں تنظیمی رابطہ مہم کے سلسلے میں مختلف یونٹوں کے اجلاس اور دورے جاری ہیں۔ اس موقع پر ضلعی قائدین سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کوئٹہ مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولوی سعید احمد، مولوی محمد سلیمان، حافظ شبیر احمد مدنی، مولانا حافظ دوست محمد مینگل، حاجی ولی محمد بڑیچ، حافظ سراج الدین، حا (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

ہماری طرف سے سردار جسیر سنگھ اور ان کی فیملی کی دل آزاری ہوئی ہے، ہم ان سے معذرت کرتے ہیں، سہیل جیمس

کوئٹہ (آن لائن) سردار جسیر سنگھ اور چیئرمین امن کمیٹی سہیل جیمس نے کہا ہے کہ کرسچن کالونی بشیر آباد II میں کچھ ماہ قبل دو خاندانوں کے درمیان جھگڑا ہوا جس میں ایک دوسرے پر الزامات، ایف آئی آر کا اندراج اور عدالت میں کیس بھی دائر کیا گیا جھگڑے کے تصفیہ کیلئے معتبرین (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

ڈی جی سوشل ویلفیئر کی سیوی کے معذور نوجوان عثمان غنی کی دادرسی

مستحق اور خصوصی افراد کی فلاح و بہبود اور ان کی مشکلات کا ازالہ کرنا ہے، سیف کھیتران

کوئٹہ (خ ن) سیوی کے معذور نوجوان عثمان غنی کی دادرسی کرتے ہوئے ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر بلوچستان میر سیف اللہ خان کھیتران نے گزشتہ ہفتے ملاقات کے دوران کیا گیا وعدہ پورا کرتے ہوئے انہیں ویل چیئر فراہم کر دی، جس پر عثمان غنی نے ڈی جی سوشل ویلفیئر بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات اور دعائیں کی ہیں انہوں نے کہا کہ میر سیف اللہ خان کھیتران نے جس طرح ان کی درخواست پر فوری توجہ دیتے ہوئے ویل چیئر فراہم کی ہے، وہ ان کے لیے انتہائی خوشی اور اطمینان کا باعث ہے۔

بابر خان کا بلوچستان ہائی کورٹ کی عمارت کے توسیعی منصوبے کا دورہ

تمام کام مقررہ شیڈول کے مطابق بروقت مکمل کیے جائیں، بات چیت

منصوبے کی تکمیل میں کسی قسم کی غفلت یا تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بلوچستان بابر خان نے بلوچستان ہائی کورٹ کی عمارت کے توسیعی منصوبے کا تفصیلی دورہ کیا اور جاری تعمیراتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا اس موقع پر چیف انجینئر کوئٹہ زون عبدالرحیم ہنگورئی چیف آرکیٹیکٹ ڈاکٹر سہراب مری ایگزیکٹو انجینئر بلڈنگ بلاک ڈویژن عمر منیر سمیت متعلقہ محکموں کے اعلیٰ افسران بھی (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

کمشنر لسبیلہ سائرہ عطا کی زیر صدارت حب میں تعارفی و جائزہ اجلاس

اجلاس میں مختلف محکموں کی کارکردگی اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

حب (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن محترمہ سائرہ عطا کی زیر صدارت ضلع حب میں تعارفی و جائزہ اجلاس، مختلف محکموں کی کارکردگی اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ کمشنر لسبیلہ ڈویژن محترمہ سائرہ عطا نے ضلع حب کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے لیڈا (LIEDA) (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

ملک پر مسلط فرسودہ نظام سے پوری قوم بیزار ہو چکی ہے

ہائبرڈ نظام کی ناکامی کا اعتراف دراصل انقلابی نظام کی شروعات ثابت ہو سکتا ہے، مولانا عبدالقادر لونی

جابرانہ وظالمانہ نظام کی فیصلوں سے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے اور عام عوام سراپا احتجاج پر ہے، دیگر

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی کنوینر مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف، مرکزی سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

بلوچستان اور پشتون علاقوں میں بڑھتی ہوئی بدامنی انتہائی تشویشناک ہے، اے این پی

صوبے کے کشیدہ حالات شاہراہوں کی بندش اور بڑھتی ہوئی بدامنی کی صورتحال میں عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، اصغر خان اچکزئی

کوئٹہ، عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی، رابت کاکڑ، داؤد اچکزئی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی نے کہا ہے کہ صوبے کے کشیدہ حالات شاہراہوں کی بندش اور بڑھتی

نواب محمد اسلم خان رئیسانی کی زیر صدارت سرداران سراوان کا اجلاس

کوئٹہ (آن لائن) چیف آف سراوان نواب محمد اسلم خان رئیسانی کی زیر صدارت سرداران سراوان کا اجلاس سراوان ہاؤس (باقی صفحہ

ہماری خاندانی جائیداد کی تقسیم تقریباً تین سال قبل باہمی رضامندی سے ہوگئی ہے، عبدالکریم

کوئٹہ (آن لائن) کلی اسماعیل کوئٹہ کے رہائشی عبدالکریم نے اپنے سوتیلے چچا کی جانب سے بے بنیاد الزامات کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ روز انہوں نے پریس کانفر (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

کوئٹہ، میڈیا ایڈوائزر بی ٹیوٹا بختار خان مری، محترمہ مہوش، جمیل احمد اور بسم اللہ خان بی ٹیوٹا اور کیوٹیک کے زیر اہتمام چیف منسٹر بلوچستان یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام کے حوالے سے منعقدہ ٹیسٹ وانٹرویوز کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

نیشنل پارٹی نظریے اور جدوجہد کی بنیاد پر قائم جماعت ہے، رحمت صالح

پارٹی میں کسی کو پرچی کے ذریعے مسلط نہیں کیا جاتا بلکہ کارکنوں کی رائے کو مقدم رکھا جاتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں پارٹی کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے انتخابات کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس عمل کے دوررس سیاسی اثرات نہ صرف پارٹی کے اندرونی ڈھانچے کو مضبوط کریں گے بلکہ صوبے کی مجموعی سیاسی فضا پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی نظریے اور جدوجہد کی بنیاد پر قائم جماعت ہے، جو موروثیت سے پاک ہے اور اس (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

کوئٹہ کے نواحی علاقے میں 16 انچ قطر کے وال میں خرابی کے باعث شہر کے مختلف علاقوں کو گیس کی فراہمی معطل

کوئٹہ (آن لائن) سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے کوئٹہ کے نواحی علاقے میں 16 انچ قطر کے وال میں خرابی کے باعث شہر کے مختلف علاقوں کو گیس کی فراہمی معطل ہوگئی کمپنی کی (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

لکی نمبر '7' سے امریکی شہری کی لاکھوں ڈالرز کی لاٹری نکل آئی

کیرولائنا (آن لائن) امریکی ریاست شمالی کیرولائنا میں ایک شخص نے نمبر '7' سے اپنی ذاتی وابستگی کے باعث ایک لاٹری ٹکٹ خریدا اور 10 لاکھ ڈالرز کی لاٹری جیت گیا۔ ہین (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

پاک ایران تعلقات ہمالیہ سے بھی بلند، کوئی بیرونی طاقت دوستی کمزور نہیں کرسکتی: ایرانی سفیر

اسلام آباد (آن لائن) ایرانی سفیر نے کہا ہے کہ پاکستان اور ایران کے تعلقات ہمالیہ سے بھی بلند ہیں اور کوئی بیرونی طاقت دونوں ممالک کے درمیان دوستی اور تعلقات کو کمزور نہیں کرسکتی۔ ایرانی سفیر کے مطابق ایران نے پاکستان کو سب سے پہلے تسلیم کیا، جبکہ پاکستان نے بھی اسلامی جمہوریہ ایران کو سب سے پہلے تسلیم کرنے والے ممالک میں نمایاں کردار ادا کیا۔ گزشتہ دو برس کے دوران پاک ایران تعلقات نئی بلندیوں تک پہنچے ہیں۔ انہوں نے کہا (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

اگر مجھے انصاف نہ ملا تو میں مجبور ہو کر خودکشی کروں گا، محمد خان

بلیک میل کرنے کا نوٹس لیکر کارروائی کر کے ہمیں انصاف فراہم کیا جائے

پولیس اہلکار حوالدار محمد عظیم جو کہ گورنر ہاؤس سبی میں ڈیوٹی سرانجام دیتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) سبی کے رہائشی محمد خان نے آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر، ڈی آئی جی پولیس سبی رینج اور ایس پی سبی سے پولیس حوالدار محمد عظیم کی جانب سے لوگوں کو بلیک میل کر کے سود کے پیسے وصول کرنے کے باوجود ان کے خلاف بلا جواز طور پر پولیس کی ملی بھگت سے مقدمات درج کرنے کا نوٹس لیتے ہوئے ہمیں انصاف فراہم کیا جائے اور اس کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے یہ بات انہوں نے سوموار کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اہلکار حوالدار محمد عظیم جو کہ گورنر ہاؤس سبی میں (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

ایس ایم تنویر کی قیادت میں کامیاب وتاریخی پہلی اکنامک سمٹ کے انعقاد پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، آصف ترین

کوئٹہ (آن لائن) ایس ایم تنویر کی قیادت میں کامیاب وتاریخی پہلی اکنامک سمٹ کے انعقاد پر مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ اکنامک سمٹ 2026 میں پاکستان کے چیمبرز، ویمن، سمال چیمبرز اور ایسوسی ایشن کی شرکت (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

روزگار کے مواقع بڑھانے کیلئے حکومت، نجی شعبے اور تربیتی اداروں کے درمیان مضبوط روابط ناگزیر ہیں

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری محنت و افرادی قوت بلوچستان صالح محمد ناصر نے کہا ہے کہ ہنرمند افرادی قوت کے فروغ، صنعتی ترقی اور روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے حکومت، نجی شعبے اور تربیتی اداروں کے درمیان مضبوط روابط ناگزیر ہیں، گزشتہ روز پبلک اینڈ پرائیویٹ سیکٹر میں باہمی ہم آہنگی، بلوچستان میں ہنرمند افرادی قوت کی تیاری، صنعتی ترقی، روزگا (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

سریاب کے عوام کے ساتھ ناانصافیوں کو برداشت نہیں کرینگے، مولانا محمد طاہر توحیدی

سریاب نادرا کے سیکنڈ شفٹ کی بندش سریاب عوام کے ساتھ ظلم وزیادتی ہیں، ڈاکٹر ظفر اللہ جنگ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی یونٹ کے جنرل سیکرٹری ڈاکٹر ظفر اللہ جنگ سرپرست اعلیٰ مولانا راز محمد حسنی مولانا شیخ عبدالحق حاجی محمد سلیمان جنگ مولانا مفتی عبدالوہاب مولانا قاری شاہ محمد مولانا عبدالاحد رگی سینئر نائب امیر مولانا محمد صادق نائب امیر مولانا عبدالمنان سعادت نائب امیر سوئم مولانا عبدالباقی مظہری نائب ا (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

کوئٹہ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ ڈسٹرکٹ معاوضہ کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پارٹی کے ذیلی ادارے مظاہرے کی تیاری کرے، سید شراف آغا، نعیم پیرعلیزئی کا اجلاسوں سے خطاب

5 اگست کو عظیم الشان احتجاجی مظاہرہ منعقد کیا جائیگا، عبدالقہار ودان

علاقائی کمیٹیوں کے علیحدہ علیحدہ اجلاسوں کا انعقاد کیا جائے اور جلوس کی شکل میں احتجاجی مظاہرے میں شرکت کی جائے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ سے مربوط تحصیل صدر کے ایگزیکٹیو اور کمیٹی کے اجلاس تحصیل سیکرٹری نعیم پیرعلیزئی کے زیر صدارت منعقد ہوئے۔ اجلاسوں میں تحصیل ایگزیکٹیو اور کمیٹی کے اراکین نے سیاسی تنظیمی رپورٹس پیش کی جس کا جائزہ لیا گیا اور بعد ازاں ان کی منظوری دی گئی۔ منعقدہ اجلاسوں میں پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی سینئر نائب صدر وضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

صوبائی وزیر تعلیم نے کالجز میں طلبہ وطالبات کیلئے پندرہ بسوں کی چابیاں متعلقہ کالجز کے پرنسپل میں تقسیم کے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے صوبہ بلوچستان کے کالجز میں طلبہ وطالبات کے لئے پندرہ بسوں کی چابیاں متعلقہ کالجز کے پرنسپل میں تقسیم کئے۔ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج کوئٹہ میں ایک سادہ پروقار تقریب میں صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی نے کہا (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

اسلام آباد، گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج بلیدہ کے طلباء اور فیکلٹی ممبران نے پارلیمنٹ ہاؤس میں سینٹ میوزیم کا دورہ کر رہے ہیں

میر عبدالغفور کے گھر پر آواران میں حملہ کو دہشت گردی اور چادر وچار دیواری کی بے حرمتی ہے، نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے نیشنل پارٹی کے رہنما رکن صوبائی اسمبلی خیر جان بلوچ کے قریبی عزیز میر عبدالغفور کے گھر پر آواران میں حملہ کو دہشت گردی اور چادر و چار دیواری کی بے حرمتی بلوچ روایات کی پامالی قرار دیتے ہوئے واضح (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

کارکن 5 اگست کے احتجاج میں بڑی تعداد میں شرکت کریں، سید شراف آغا

کچلاغ تحصیل کمیٹی کا اجلاس، تنظیمی سیاسی سرگرمیاں تیز کرنے پر زور دیا گیا، ملک نادر کاکڑ

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ سے مربوط تحصیل کچلاغ کمیٹی اجلاس تحصیل سیکرٹری ملک نادر کاکڑ کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کے صوبائی (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

تعلیمی سال 2027 کے روڈ میپ کی تیاری کے سلسلے میں اعلیٰ سطح اجلاس

ایڈمیشن سسٹم اور تعلیمی سرگرمیوں کو مکمل طور پر ڈیجیٹلائز کرنے کے عمل کا تفصیلی جائزہ

تربت (خ ن) یونیورسٹی آف تربت کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی زیر صدارت یونیورسٹی کے مین کیمپس میں ایک اعلیٰ سطح اجلاس منعقد ہوا جس میں یونیورسٹی کے اسٹریٹجک پلان 30-2026 کی روشنی میں یونیورسٹی میں تعلیمی معیار اور ادارے کے قومی ساکھ کو مزید بہتر بنانے کے لیے مختلف اقدامات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس کا بنیادی مقصد یونیورسٹی کے نصاب کو قومی ترقیاتی ترجیحات اور مارکیٹ کی بدلتی ہوئی ضروریات کے مطابق ڈھالنا تھا تاکہ طلباء کی عملی مہارتوں میں اضافہ کر کے ان کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کئے جا (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ریٹائرڈ ملازمین نے پنشنز کی عدم فراہمی کے خلاف کوئٹہ پریس کلب کے سامنے مظاہرہ

کوئٹہ (آن لائن) میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ریٹائرڈ ملازمین نے پنشنز کی عدم فراہمی کے خلاف سوموار کو کوئٹہ پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کیا مظاہرین نے پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر نعرے درج تھے۔ مظاہرے کی قیادت سابق ریٹائرڈ آفیسر قاضی انور کر رہے تھے۔

صحت کی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے محکمہ صحت گوادر متحرک ہے، ڈاکٹر یاسر طاہر

معیاری اور بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ صحت گوادر متحرک ہے

گوادر (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق شہریوں کو ان کی دہلیز پر معیاری اور بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ صحت گوادر متحرک ہے۔ اسی سلسلے میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر ڈاکٹر یاسر طاہر نے رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) سربندن اور سول ڈسپنسری شیہ اسماعیل کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نے طبی و پیرا میڈیکل عملے کی حاضری، او پی ڈی سروسز، ادویات کی دستیابی، صفائی کی صورتحال، طبی آلات کی فعالیت اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔

کوئٹہ نیشنل پارٹی کی سیاست کا اہم مرکز ہے، کبیر محمد شہی

نومنتخب ضلعی کابینہ یونٹ سازی پر خصوصی توجہ دے گی، سردار کمال خان

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے انٹرا پارٹی انتخابات جمہوری اور آئینی روایات کے مطابق پریس کلب کوئٹہ میں کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئے۔ انتخابات میں نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر محمد شہی، مرکزی نائب صدر سردار کمال خان بنگلزئی، صوبائی صدر چیئرمین اسلم بلوچ اور صوبائی جنرل سیکرٹری چنگیز حئی بلوچ نے شرکت اور نگرانی کی۔ واضح رہے کہ نیشنل پارٹی اپنی جمہوری روایات کو برقرار رکھتے ہوئے ہمیشہ (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

غلام نبی مری کی کلی رحیم گل بلیلی آمد بزرگ رہنما لکری حمید اللہ مینگل کے انتقال پر لواحقین سے اظہار تعزیت

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری نے کلی رحیم گل بلیلی میں بزرگ رہنما قبائلی شخصیت لکری حمید اللہ مینگل کے انتقال پر لواحقین سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی اس موقع پر پارٹی کے دیرینہ ساتھی چیئرمین حمید اللہ بڑیکانی، ولی محمد مینگل (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

ہم غریب لوگ ہیں ہماری کسی کے ساتھ ذاتی دشمنی نہیں، عرفان علی بوہڑ

ہمارے ساتھ انصاف کریں ملزم قادر بخش اور اس کے بیٹے پر ایف آئی آر درج کریں

اوستہ محمد (آن لائن) عرفان علی بوہڑ نے اپنے بھائی محمد نواز بوہڑ کے ہمراہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ آج صبح میں ہوٹل کے لیے لکڑیاں اٹھانے جا رہا تھا کہ قادر بخش بوہڑ اور اس کے بیٹے نیاز بوہڑ نے مجھ پر فائرنگ شروع کر دی جس کے بعد ہم اس پر ایف آئی آر درج کرنے کے لیے سٹی تھانہ گئے لیکن افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے سٹی پولیس نے ہمارے ساتھ کوئی تعاون نہیں کیا اس کے بعد ہم فریاد لے کر ایس پی آفس گئے لیکن وہاں پر بھی پولیس والوں نے ہمیں ایس پی سے ملنے نہیں دیا عرفان علی بوہڑ نے کہا کہ ہم غریب لوگ ہیں ہماری کسی کے (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

بلوچستان کے عوام کے حقوق کے حصول، امن کے قیام اور دیرپا مسائل کے حل تک جماعت اسلامی کی جدوجہد جاری رہے گی

آج بلوچستان میں بدامنی، بدعنوانی عروج پر ہے، مولانا ہدایت الرحمن

7 اگست کی صوبہ گیر ہڑتال کے سلسلے میں بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری اور عوام الناس قومی جذبے کے تحت بھرپور تعاون کریں

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان و رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا ہے کہ 7 اگست کی صوبہ گیر ہڑتال کے سلسلے میں ملک بھر کی طرح بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری اور عوام الناس قومی جذبے کے تحت بھرپور تعاون کریں گے۔ بلوچستان میں بڑھتی ہوئی بدامنی، بارڈرز کی مسلسل بندش، لاپتہ افراد کی عدم بازیابی، شاہراہوں پر لوٹ مار، بے روزگاری، مہنگائی اور سیکورٹی فورسز (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

کوئٹہ، گرین پاکستان پارٹی کے چیئرمین عبدالہادی کاکڑ ایڈووکیٹ منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

امام حسین رضی اللہ عنہ اور شہدائے کربلا کا چہلم آج (بروز منگل) انتہائی عقیدت واحترام سے منایا جائے گا

راولپنڈی (آن لائن) آزاد کشمیر اور شمالی علاقہ جات سمیت پاکستان بھر کی طرح راولپنڈی میں بھی امام حسین رضی اللہ عنہ اور (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

نور خان بلوچ کی نگرانی میں اورماڑہ کے مرکزی بازار کا معائنہ

اشیائے ضروریہ کی فراہمی حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

گوادر / اورماڑہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست وژن اور ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی ہدایات کے مطابق ضلع بھر میں اشیائے خورد ونوش کے معیار، سرکاری نرخناموں پر عملدرآمد اور صفائی کی صورتحال کو یقینی بنانے کے لیے کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر اورماڑہ ڈاکٹر ماہ نور برکت کی خصوصی ہدایات (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

چہلم حضرت امام حسینؓ کوئٹہ میں فول پروف سیکیورٹی انتظامات مکمل ایک ہزار سے زائد اہلکار تعینات

کوئٹہ (آن لائن) ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل نے کہا ہے کہ چہلم حضرت امام حسینؓ کے موقع پر نکالے جانے والے جلوس کے لیے فول پروف سیکیورٹی کے انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں جبکہ 1000 سے زائد پولیس افسران اور اہلکار سیکیورٹی پر مامور کیے گئے ہیں۔ انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے بتایا کہ جلوس کے روٹ کے تمام داخلی (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار غلام مصطفی کو فیئر ویل گرانٹ کی مد میں 46 ہزار روپے کا چیک فراہم کروا دیا گیا

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار غلام مصطفی نے بتایا کہ انہوں نے فیئر ویل گرانٹ کی ادائیگی کے لیے متعلقہ محکمہ سے متعدد بار (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

اے ڈی سی کوئٹہ کی زیر صدارت ڈی ای سی جائزہ اجلاس

تمام ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری دیانت داری سے انجام دیں

متعلقہ محکموں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندوں کی شرکت

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ محمد انور کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایکسپلوسیو کمیٹی (DEC) کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع بھر میں بارودی مواد، دھماکہ خیز اشیاء اور متعلقہ امور سے متعلق حفاظتی اقدامات، لائسنسنگ اور ضابطہ کار پر تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ دھماکہ خیز مواد کی ذخیرہ اندو (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

سندھ بلوچستان جشن آزادی کپ ٹورنامنٹ 2026 جاری

گوادر (آن لائن) سندھ بلوچستان جشن آزادی کپ ٹورنامنٹ 2026 بنام شہید ڈپٹی کمشنر ذاکر بلوچ بابائے بزنجو فٹبال اسٹیڈیم میں ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن (DFA) گوادر کے صدر میر ارشد کلمتی کے زیر اہتمام جاری اس سلسلے میں سندھ بلوچستان جشن آزادی کپ (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

سیم شاخ کو حیردین ڈرین میں ڈالنا تباہ کن ثابت ہو سکتا ہے، مسعود کھوسہ

حیردین ڈرین اہم نکاسی آب کا نظام ہے، ماضی میں سیلابی دبا کا سامنا کر چکا ہے

صحبت پور (آن لائن) چیئرمین ڈسٹرکٹ کونسل صحبت پور ایڈووکیٹ مسعود احمد خان کھوسہ نے کہا ہے کہ سندھ سے آنے والی سیم شاخ کو حیردین ڈرین میں ڈالنا ضلع صحبت پور، ضلع جعفرآباد اور ضلع اوستہ محمد کے لیے تباہ کن ثابت ہو سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ حیردین ڈرین پہلے ہی ایک اہم نکاسی آب کا نظام ہے، جو ماضی میں شدید سیلابی دبا کا سامنا کر چکا ہے۔ اگر سندھ سے آنے والی اضافی سیم شاخ کا پانی بھی اس میں شامل کر دیا گیا تو اس سے ڈرین پر مزید دباؤ بڑھے گا، جس کے نتیجے میں ضلع صحبت پو (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

قلات میں یوم استحصال کشمیر کی مناسبت سے مختلف پروگرامز کیا انعقاد کیلئے بھرپور تیاریوں کا آغاز

قلات (خ ن) بلوچستان کے تاریخی شہر قلات میں یوم استحصال کشمیر کی مناسبت سے مختلف پروگرامز کیا انعقاد کیلئے بھرپور تیاریوں کا آغاز کر دیا گیا ہے تمام محکمے مربوط پروگرامز کا انعقاد یقینی بنائیں ڈپٹی کمشنر قلات کی جانب سے متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایات جار (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

کوئٹہ، چیف منسٹر بلوچستان یوتھ ایمپلائمنٹ پروگرام کے حوالے سے بی ٹیوٹا اور کیوٹیک کے زیر اہتمام نوجوانوں کے انٹرویوز لئے جا رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ فون، فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com